٤٩٥	٣٤	١٣٥	نیسان	ماتا پرشاد	پورن چند	کایستھ سکسینہ	لکھنؤ	حی القائم	قصائد عجائب نظم	٧	
٤٩٦	٣٥	١٣٥		نیم چند	-	-		-	گل و صنوبر نظم	٢	
٤٩٧	١	١٣٥	واصف	لالہ لال سنگھ	-	-	میرٹھ	-	-	١	
٤٩٨	٢	١٣٥	واصف	لال سنگھ	-	ٹھاکر		رڑکی میں ہیں	-	٥	
٤٩٩	٣	١٣٥	واصل	درگا پرشاد	گنگا پرشاد	-	کول	فتحگڈھ میں ہیں	-	١	
٥٠٠	٤	١٣٦	والہ	-	-	-	فیض آباد		-	٢	
٥٠١	٥	١٣٦	وحدت	رائے جمیعت	-	کایستھ	میرٹھ	-	-	١	
٥٠٢	٦	١٣٦	وحشی	بشمبر ناتھ	گوپی ناتھ	-	دہلی	-	-	١	
٥٠٣	٧	١٣٦	وحشی	لالہ کنہیا لال	منگل سین	کایستھ	دہلی	ملازم ریل ہیں	-	١	حکیم سکھا نند رقم کی اولاد سے ہیں
٥٠٤	٨	١٣٦	وحشی	پنڈت بشمبر ناتھ	بیشیشر ناتھ	کشمیری	دہلی	سہارنپور میں ہیں	-	٣	
٥٠٥	٩	١٣٦	وصف	بینی مادھو	سولچند	-	-	-	-	١	
٥٠٦	١٠	١٣٦	وصفی	رای سوبھارام	دیبی پرشاد	کایستھ سکسینہ	لکھنؤ	-	-	٣	
٥٠٧	١١	١٣٦	وفا	راجہ نول رائے	-	کایستھ سکسینہ	-	انجہانی	دیوان	٢	نائب نواب صفدر جنگ تھے سمت ١١٦٢ میں روہیلوں کی لڑائی میں کام آئے
٥٠٨	١٢	١٣٧	وقار	شنکر لال	-	-	الہ آباد		-	٢	
٥٠٩	١٣	١٣٧	وقار	رائے بختے نوندہ		کایستھ سکسینہ	لکھنؤ	حی القائم	چند کتب	٢٠	
٥١٠	١٤	١٣٧	وقار	راجہ کشن کمار	برجوشن	کایستھ سری باستو	مرادآباد	ایضاً	دیوان	٢٥	رئیس اور بڑے آدمی ہیں
٥١١	١٥	١٤١	وہبی	منشی شمبھو پرشاد	سوبھا رام واصفی	کایستھ سکسینہ	لکھنؤ	منیجر اودھ اخبار ہیں	کلیات وہبی، عرق مرقع، سرا و زیبا	٣٩٩	

نمبر شمار	نمبر (حرف)	صفحہ	تخلص	نام	ولدیت	قومیت	سکونت	زمانہ	تصنیفات	تعداد اشعار	کیفیت
۵۱۲	۱۶	۱۴۱	ولی	ولی رام		کایتہ	دھلی	[illegible]	-	۲	
۵۱۳	۱	۱۴۴	ہرچند	ہرچند کتور	نسرہ راجہ جوگل کشور		دھلی		دیوان ہرچند	۳۰	
۵۱۴	۲	۱۴۵	ہمت	لالہ ... سن	سیتا رام		بہالی			۱	
۵۱۵	۳	۱۴۵	ہمت	منشی دھر		کایتہ سکسینہ	لکھنو	محی القائم	داسوخت	۹	
۵۱۶	۴	۱۴۵	ہنر	سالو دیو کی			الہ آباد	ایضا	-	۳	
۵۱۷	۵	۱۴۵	ہندی	رائے کنہیا لال	.	.	لاہور	ایضا	گلزار ہند ... یادگار ہندی تحفۂ اخلاق ... وغیرہ	۵	
۵۱۸	۶	۱۴۵	ہوس	سوبہاری لال			میرٹھ		-	۵	
۵۱۹	۷	۱۴۶	ہوش	منشی ننگ رام	.	.			دیوان	۳	
۵۲۰	۸	۱۴۶	ہوشیار	منشی کیوا رام	[illegible]	کایتہ سکسینہ	دھلی	چاند پور میں ...	قریب سی کتب	۳	
۵۲۱	۹	۱۴۶		ہیرا لال			میرٹھ	ناظر سب جج کورٹ میں		۳	
۵۲۲	۱	۱۴۶	یاد	لالہ کانشی رام		-	بہالی	شاہ جہانپور میں ...	.	۱	
۵۲۳	۲	۱۴۶	یاس	منشی بہاری لال	رائے ...		.	.	.	۱	
۵۲۴	۳	۱۴۷	یقین	[illegible] سنگھ	-	-	دہلی		-	۲	

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بلبل شیراز پر اترانہ آشنا گلستان
گو زبان فارسی شیرین مثال قند ہے
ہین بلا کی طوطیان ہند بہی شیوا زبان
جو زبان ہندی مین نمک ریزی ہے وہ ہمین کہان

شائقین سخن کو مژدہ ہو کہ یہہ **دوسرا حصہ تذکرۃ الشعراے ہنود** کا اونکی خدمتین پیش کیا جاتا ہے اور مؤلف کا مقصد اسکی تالیف سے سواے بقاے نام ابناے جنس کے اور کچھہ نہین ہے ہندؤن کی فارسی شاعری کا احوال تو **اول حصہ** مین حوالہ قلم ہو چکا ہے اور اس جلد مین اونکی اردو شاعری کا بیان ہے اول اردو شاعر ہندؤن مین منشی ولی رام ولی تخلص قوم کایتہہ ہوئے ہین یہہ حضرت شاہجہان بادشاہ کے عہد مین تہے اونکے بعد راے انند رام مخلص اور مہاراجہ رام نراین موزون نے اس شاعری کو کچھہ وسعت دی مگر جو ترقی اور سرسبزی اوسکی راے سرب سکھہ دیوانہ اور کاکا جی پروانہ کی ذات سے ہوئی وہ بہت عجیب اور لاثانی تہی کیونکہ راے سرب سکھہ دیوانہ نے تو اپنی اوستادی سے اسکی اثر کو بذریعہ اپنے شاگردون کے کہ از انجملہ ایک جعفر علی حسرتؔ میان قلندر بخش جرأت کے اوستاد تہے دور دور پہونچایا اور کاکا جی پروانہ نے اپنی قدردانی اور فیاضی سے اوسکی مربی گری کی پہر تو یہانتک نوبت پہونچی کہ اسکا جابجا رواج ہو گیا اور دلی و لکہنؤ دو بڑے مرکز اوسکے قرار پائے جہان بادشاہون کی سرپرستی اور صلہ بخشی سے بڑے بڑے اوستاد اہل زبان پیدا ہوئے جنکی سحر طرازی اور نکتہ پردازی سے اردو کی شاعری نے وہ فروغ پایا کہ تمام ہندوستان مین اوسکا آفتاب اوج اقبال پر چمک رہا ہے اور گانؤن تک کے لوگ مثل ہندؤن کے اونکے جمال باکمال اور نور لازوال سے فیض پائے ہوئے ہین چنانچہ آج صرف ہندؤن مین بہت ایسے شاعر شیوا زبان موجود ہین کہ جنکی شاعری کو ہندو اور مسلمان دونو پسند کرتے ہین بہلا کون ایسا ہو گا جو بتقصیر

جوہر فرحت وقار اور وہبی وغیرہ کے دلکش اور دلپسند شعرون کو سُنکر داد ندے گا ہم اس بیان کو زیادہ طول دینا نہین چاہتے ناظرین آگے چلکر خود دیکھ لینگے کیونکہ مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید ہان اتنا ضرور ہے کہ مسلمانون کی بہ نسبت ہماری قوم مین عمدہ شاعرون کی تعداد کم ہے سبب اسکا یہہ ہے کہ پچاس برس اوّل تو ہماری قوم کے لوگ معاش کی ضرورت سے اُردو کی بہ نسبت فارسی کو زیادہ پسند کرتے تھے اور اب انگریزی بہت پسند کرتے ہین پس اُردو کی شاعری جسقدر ان پچاس برسون مین ہم لوگون کے اندر مروّج ہوئی گو کافی نہتی پر اسقدر تو ضرور تھی کہ پچاس برس اوّل جو مسلمانون کا خیال ہندؤن کی اُردو شاعری اور زبانِ اُردو کی نسبت تھا وہ اوس سے بہت کچھ بدل گیا تھا یا تو ایک وہ دن تھا کہ انشاءاللہ خان نے اپنی کتاب مین ہندؤن کے کلام کو خالی از فصاحت لکھا ایکدن ایسا آیا کہ مرزا غالب جیسے اوستاد مسلم الثبوت نے پنڈت دیاشنکر کی مثنوی گلزار نسیم کو بلاغت کہا اور نسیم کے بعد جو نامی ہندو شاعر ہوے وہ فصیح بھی تھے اور بلیغ بھی۔

اس مجموعہ مین انیس شاعرون کا کلام ہے گو قیاس چاہتا ہی کہ یہہ تعداد باعتبار کثرت اور لیاقت علم و فضل ہندؤن کے جو آج دیکھنے مین آتی ہے بہت کم ہے کیونکہ اس سے زیادہ تو اسوقت ہندو شاعر موجود ہون گے لیکن جب صرف اسقدر کی محنت تلاش اور دشواریابی پر خیال آتا ہے تو بے اختیار یہہ شعر زبانِ حال سے نکل جاتا ہے ؎ یون لا اوسکی کوچہ سے دل ڈھونڈکر اپنا دیکھا جہان پڑا کوئی ٹکڑا اوٹھا لیا ہر شاعر کے خاندانی حالات اور اوسکی تصنیفات کی تحقیقات جہانتک ممکن تھا کی گئی ادھر بھی جو باقی رہگئی وہ باقی ہے بشرط دریافت طبع ثانی مین شامل کردی جائیگی۔ اخیر مین ہم اون علم دوست محض خیر اور سراپا کرم اشخاص کے نام کہ جنھون نے اس نسخہ خود پیرا کی تالیف مین لاثانی ایثار بہا مددوہی کمال شکوری لکھتے مین اور اس دیباچہ کو اون ہی کے ذکر خیر پر ختم کرتے ہین اور وہ نام نامی یہہ ہین ـــ منشی درگا پرشاد صاحب نادر قوم کہتری سکنہ دہلی منشی کیول رام صاحب شیدا قوم کایتھہ مدرس مدرسہ چاندپور۔ منشی راے جواہر سنگھ صاحب جوہر لکھنوی۔ منشی گوکل پرشاد صاحب رسا باشندہ کانپور۔ لالہ لال بہادر صاحب زخمی سکنہ کانپور۔ منشی اندرمن صاحب مرادآباد۔ ٹھاکر گلاب سنگھ صاحب مشتاق اورسیر نہر جمن۔ منشی شنکر دیال صاحب فرحت لکھنوی۔ منشی دلوکی نندن صاحب ہنر باشندہ الہ آباد۔ منشی لچھمی نراین صاحب آذر سکنہ ٹونک۔ پنڈت بشیشر ناتھ صاحب بصیر دہلوی۔ پنڈت جانکی ناتھ صاحب ناظم محکمہ اپیل ریاست جودہ پور۔

آثم	تخلص لالہ رگھبر دیال باشندہ متھرا اوں حال معلوم نہین یہہ شعر اونکا ہے۔

اگر تیری طرح گلشن مین گر صبا ہوتا	گلو نہ پھرتے ہاتھ اوسکو تو ڈھونڈتے ہاتھ گلچین کا

آذر - تخلص لالہ لچھمی نراین خلف لالہ ہرسکھہ راے قوم کایتھہ سکینہ سکنہ ٹونک راقم تذکرہ کے رشتہ دارون سے ہین اونہون نے اصلاح مولوی سعید احمد اسعد تخلص سے لی ہی اور کبھی کبھی بندہ کو بھی اپنا کلام دکھلایا ہی

شور و غوغا بھی ہے عشق نہ نشیمن ...
زلف پیچ کھاتا ہوا ہے مجھے سودا جب سے
محبت مین عشق ہند و مسلمان کا خیال
کیا کرون کچھ اگر ہی غنچہ لب تصویر

ہای طاقت دل پر نالہ و شیون نہین
ایک ہی تار گریبان مین گردن نہین
عشق مین رہتا نہین ہے دین کا خیال
مین ہون مشتاق تیری خندۂ گفتار کا ... نظر نہین آتی

چارہ گر کر ہے زخمون کو رفو خنجر سے
تیری تیغ ابرو کی اپنا ہی ظالم
نامۂ شوق ایک وقت ہے
کہین بیٹھہ جاتی بنیاد گردون
کچھ عدم کی خبر نہین آتی

جو مجھے چاہیے لذت ستم ... نہین
موہنی ہیجان نوجوان کیسے کیسے
ہوش اوڑ جائے گا کبوتر کا
کر اشکون سے طوفان اوٹھا جاتا ہے

آذر - تخلص پنڈت جوالا پرشاد برجاشی ولد منشی پنڈت کشن چند ابن کشنچند بن چنتا من خلف آتما رام قوم برہمن کشمیری سمت ۱۹۲۰ مین بکلیھہ اتشی ہوے عرصہ تک متھرا کے کوتوال اور تحصیلدار رہے تھی اور پھر دنیا کو چھوڑ کر خطۂ اک برج مین گوشہ پکڑ بیٹھے تھی - کہتے ہین کہ اونکو حبس نفس اور مشاغل تصفیۂ قلب سے روشن ضمیری حاصل ہوگئی تھی چنانچہ اونہون نے اپنے مرنیکی ساعت اور تاریخ پہلے سے بتادی تھی وہ شاعر بھی تھے اور اردو فارسی مین شعر کہتے تھی فارسی کلام تو اونکا تذکرہ معیار الشعرای ہنود مین درج ہوچکا ہی اور اردو یہہ ہے

رباعی

دنیا مین غم عبودیت سے چھوٹے ۔ عقبی مین بت صحبت سے چھوٹے
ہم عشق مین فکر شش جہت سے چھوٹے ۔ ہر چار طرف کی شکلے وہم و خیال

آرام - تخلص کھن لال قوم کایتھہ باشندۂ دہلی ایک مرد زندہ دل ہین اور یہہ شعر اونکی افکار نادرہ سے ہی -

ہمدم مجھسے کہتے ہو نہ تو یار سے مل ۔ اوسکو سمجھاؤ ذرا یہہ کہ نہ اغیار سے مل

آرام - تخلص پریم ناتھہ راے کھتری باشندۂ دہلی تیر اندازی و خوشنویسی مین اچھا دخل رکھتے تھی اور صاحب دیوان گزرے ہین یہہ شعر اونکا ہی

خون آنکھون سے نکلتا ہی رہا ۔ دل کا فوارہ اوچھلتا ہی رہا

آزاد - تخلص رام سنگہ باشندۂ دہلی جو بعد تحصیل علم اندھے ہوگئے تھی مگر فن شعر مین بڑی بصیرت رکھتے تھے چنانچہ یہہ شعر اونکا اونکی روشن سوادی علم شعر پر دال ہے -

اندازن پیارے تیری طرز تکلم اور ہے ۔ لطف جینیکا اور ہے وضع تبسم اور ہے

آزاد - تخلص لالہ جوالا پرشاد فرخ آبادی حال ساکن متھرا -

منفعل کسلیے بیٹھے ہو کیا کدورت ہے ۔ ابھی تک جام مے صاف مرے جام مین ہی

آسان - تخلص لالہ بیچ رام باشندۂ الہ آباد دو ہی تعداد شاعر دان تھی لیکن سواے اس شعر کے اور کوئی کلام اونکا نہین ملتا

مجلس تو کچھ خبر نہین کسکا یہ انتظار تھا ۔ مرنیکے بعد بھی جستجو کہین حور کی

آشفتہ - تخلص گلاب سنگہ کھتری شاہجہان آبادی عین عالم شباب اور ایام نو خاستگی مین خنجر عشق کے شہید تھے آخر اسی مرض لا علاج مین اپنا سر کاٹ کر مر گئے مرزا قادر بخش صابر تخلص شاہزادہ دہلی اپنی کتاب گلستان سخن مین لکھتی ہین کہ اونکی مرگ کو پچیس برس گزرے مگر ابتک لوگون پر وہ صدمہ تازہ ہے یہہ چند شعر

اونکی جو ہمکو پہونچے تہی درج تذکرہ کیے گئی جن سے اونکی عاشق مزاجی اور نازک خیالی عیان ہے —

پوچھتی کیا ہو کہ کل شب شفتہ کیونکر مر گیا
اوسمین باقی رہا تھا بندہ پرور مر گیا

جان ہی عاشق کی تیرے شب کو اک ناک کیا
آدمی تھا آخرش صدمہ اوٹھا کر مر گیا

ہو جدائی مین بسر شفتہ جلینے سے تنگ
سن ہی ہو گی اک اک دن ہو کر تم سر گیا

بچتا نہین ہے جو کہ ہی بیمار عشق کا
یارب نہ ہو کسیکو یہ آزار عشق کا

تیرا شکوہ کبھو لب پر نہ آیا
یہ تجکو ہم سے کافر نہ آیا

گو دعا کی ہی لیئے ہو خدا کا تو خیال
کیا بنی گی گر کبھی وہ بدگمان ہو جائیگا

ہانسنے سے یہ کہا اسکا کہ سر کرکے اب
تجکو مت چھیڑو کہین شفتہ یہان آجا بیجا

بالکل ہی او سنکے کہدیا سب زار عشق
کم ظرف اپنے دیدہ گریان کو کیا کہون

زلفون سے کبھی یا وہ رخ نے دلیپہ
کا وہ جو تہی سو تہی یہ مسکراتا تو گیا کہو

ایک آنسو کی دیکھنے نے کر دیا عالم کو قتل
یہ تیرا ابرو ہے یا عید الضحی کا چاند ہے

رکھا سر پانون پر اوسکے تو بولا
کہ تو بھی بے سر و پا کسقدر ہے

دم کا مہمان ہے اوزار شفتہ
بیخبر تجکو کچھ خبر بھی ہے

شفتہ — تخلص پنڈت امرناتھ کشمیری شاگرد تنویر ایک مرد نوجوان وجیہہ خوش فکر ہین غدر سے پہلی تو دہلی مین رہتے تھے مگر اب لاہور مین کسی علاقہ پر ممتاز ہین کلام انکا بہت پاکیزہ اور پر مضمون ہے اور سنا گیا کہ انہون نے بہت کچھ کہا ہے مگر ہمکو جتنے اشعار اونکے ایک تذکرہ سے ملے وہ سب یہان لکھے جاتے ہین —

غیر ممکن ہے کہ پہونچے وادی آشفتہ دل
حلقہ دام بلا حلقہ ہے زلف یار کا

زنج مین پیدا رہا تا انکا بیتر ہو گیا
اپنا مرنا مجکو جینے کے بار ہو گیا

کونسی روز رلایا نہ غم یار نے ہای
کون ہے روز مری چشم پہ دامان ہوا

تن جب یہ بیچ وحشت نے پچھاڑا ایک بار
تو دیا وحشت جنون نے مجھے دامان اٹھا

اندنون تم جو ہو شفتہ پریشان خاطر
کسی ہوش آنکھے کہو کہیں دل ہارا

بجلی ہین ہی اوسکی ہنسی کی ہی شرارت
اور ابر ہو نہ ہے مرے دیدہ تر کا

شفتہ بزم یار مین ساقی شاہد عنبرین
کیونکر نہ چیدون کر کی گڑی جگر شراب

کی ہو گی اوسنکے بادہ کشی نم عنبرین
تلخی ہی ہی جو مری زبان تمام رات

یاد آگئی وہ جنبش ابرو تو کیا کہون
رکھلی گلی پر ہت کو بے اختیار تیغ

ہے یہ جو خاک پر شہیدون کے
پھنکتی کیون ہو فرش خواب کے اپا

وہ ان ہین نہین نبض محبت کا طبیب
نہ چھٹی حشر تک کبھی ہو سودا سے ہم

میر آبہی دل نے لف کو ہتہ کہوگی
زلفونکی طرح دل بھی بچاہے نہ بچھہین

خجلی باعث جنکی نظرون گریہ ہے
دل کہ بچہ بھی ہم ناحق مر جاتی ہین

دیکھ لیکن ہو نگا اپنی آفت جانکو کیا جانا
ہیکہ ہے جو کبھی ہی شتاب ہوا جاتا ہو

لگا چٹہا جا وہ عدو کی شب جاناں کف پا پر
جلاتی آتش غم کی مردہ دل کی تمنا کو

دلین شفتہ ہے تو تمنا خیال
لب پہ باتین ہین پارسائی کی

آگہ — پنڈت جوالا ناتھ خلف دیا تارام برہمن فارسی بھی کہتے ہین اور کلکتہ مین رہتے ہین —

جان جاتی ہے ترے تیرا سون پڑا
دیکھتی کیا ہو تماشا کیا ہے

تیرا دیدار میسر ہووے
اس سوا اور تمنا کیا ہے

اثر — پنڈت نرنجن ناتھ لکھنوی اور حال معلوم نہوا یہ شعر اونکے ہاتھ آئے تھے سو درج کیے گئے —

گر رقم وصف قد موزون دلبر ہو گیا
لطف اشعار مین آیا صنوبر ہو گیا

ہم اثر محروم قسمت کے سبب سے رہ گئے
اوس پری کا وصل غیرونکو میسر ہو گیا

احسن — تخلص منشی شیام سندر متوطن لکھنؤ شاگرد منشی دوا کرشن صاحب ریحان —

عنبر شامہ ہر وقت فضا کہلتی ہے
کالی ناگن سی نہین یار کے گیسو

یار کی زلف کی تعریف لکھی کیا احسن
سنبل باغ جنان سے بھی ہی بہتر گیسو

اخگر — تخلص منشی سیتل پرشاد نامی شعرای لکھنؤ سے تھے اونہون نے سریمد بھاگوت کی بارہوین اسکند کا اردو منظوم ترجمہ کیا ہے

اول سے آخر تک ایک ہی قافیہ مین کتاب ختم ہے اور پھر لطف یہہ ہے کہ لطف شاعری ہاتھہ سے نہین جانے پایا یہہ چند شعر اوسکے دیباچہ سے منتخب ہین۔

اوس ذات کی کیا کوئی کرے سیج ثنائی کرتی ہیں مقاماتین ہی طرح مقالات	جیسا کہ نہین وہم و تصور کی رسائی منکر ہی کوئی کوئی مقر ہے بجدائی گر دونی جھوٹو دبی نکلیگا بات	سر ایکنے نام اسکا رکھا اپنی زبانمین ہے ٹھیک ہی منفرد ذات ہی اوسکی جب قدر کاکی قلم خرچ مین آئی	تیسرین ہی صورتمین تفریق لگائی پر اسکی صفت جز کل ہیدی نگائی

احقر۔ تخلص بلدیو پرشاد ولد مہا سکھہ راے فرخ آبادی اور حال معلوم نہوا یہہ شعر اونکا ہے۔

فراق یار مین اس رحم صعف و ناتوانی ہے	کہ ایدل بحث مشکل ہے بدلنا ہمکو کروٹ کا	اگر باتین وہ کرتا تو دہن کا بھی پتا ملتا	کیا ثابت کمر کو اوس صنم یا ندکہ ٹیکا

اسد۔ تخلص گردہاری لعل ابن رام دیال کایتھہ کہری سری باستب ساکن ہر ہٹہ ضلع آگرہ نام اہلمد محکمۂ کلکٹری لکھنؤ اُنہونے سداماں چرتر کا سمت ۱۹۴۱ مین نظم ترجمہ کیا ہے اور منظومہ فرخ نام رکھا ہے یہہ چند شعر اون کے اوس سے منتخب کئی جاتی ہین جسے اونکی نازک خیالی و شیرین بیانی ثابت ہے۔

کہ رہتا تہا سداماں ایک بہمن زبس تہا بے سروبرگی کا ساماں	برنگ گل جہان ہے پاکدامن غبار آسا تھا خالی ہاتھہ ہر آن یہانتک پیرہن سے تھا سبکبار	گلستان قناعت کا تہا وہ گل سراپا شکل سوزن تہا وہ عریان کہ رکھتا تھا فقط ایک تار زنار	بہار گلشن صبر و توکل تعلق سے جہان کے پاکداماں

اشعار در صفت چشمہ

گوارا مثل آب زندگانی	کہ شکر شرم سے ہو جسکے پانی	غبار راہ سے دہویا بدن کو	اوتارا تن سے خاکی پیرہن کو

ارمان۔ تخلص راجہ جنمی جی مترنبیرۂ راجہ شیمبر متر شاگرد حافظ اکرام احمد ضیغم حوالی شہر کلکتہ مین بمقام سونتری رہتے ہین اونہون نے ایک تذکرہ بھی اردو کے شاعرون کا بنایا ہے یہہ دو شعر اونکے ہین۔

کام اپنا نہ ہوا یجھی میری جان نکلا	تن سے جان نکلی مگر دل کا نہ ارمان نکلا	رات بہر اک کیا کرتا ہون گریہ دن کو	جو ہتی کیا مین حقیقت مری اوقات کی ہے

اظہر۔ منشی جگناتھہ خلف منشی گردہاری لعل شاگرد منشی جواہر سنگہ صاحب جوہر تخلص پہلے چہاونی چکروتہ مین بعہدہ سب اورسیر ملازم تھے بعد سررشتہ تعلیم چرچ مشن اسکول لکھنؤ مین ملازم ہوکر وہین امتحان منشی لاہور یونیورسٹی کالج کا پاس کیا اور اب بھی لاہور مین ہی مقیم ہین اور شعر خوب کہتے ہین۔

میرے سینہ مین ہے ہوا امیدواران کیطرح نطق سے سیری طبع بیمار معشوق طرح جا بجا کب دلدار کی کیونکر ہو قلم	سر سے بلبلائے سر زلف حسینان کیطرح شوخیان مضمون مین نازنینان کیطرح اور مضمون سے اوڑا جاتا ہے اظہر کاغذ	ورس حسن شخلاق و دنیا کیا ہے دیدۂ عشق دلربا کہتا ہے نامہ کبوتر لائے تیان مین سنگ ترسیب خیابان تنخ	شاہدان طبع کو تعلیم النسوان کیطرح جذبۂ شوق سے پیدا کری خود کاغذ ور باغ حسن کی گرد نگسن مرغی یا

افق۔ تخلص منشی دوارکا پرشاد لکھنوی خلف منشی لہرن چند الک مطبع واخبار نمائی نوجوان خوش فکر

اور عالی طبیعت ہین علم انگریزی و فارسی مین طاق اور طرز سخن مین شیخ ناسخ اور خواجہ وزیر کے پیرو شاگرد منشی شنکر دیال فرحت ۔

بہار نشاۃ صد جا کہ ہے لطف پیشانی مین	عجب ہے جا بجا گل ہو سی کنگھی عشق پیچان مین	نہین ہے خضر گردش تیلیو نکو چشم جانان مین	لگا کی ہین گھڑی ہی اطفال ہند آتے جب آئین
ہے آنسو چشم تر مین عکس چشم تر ہی آنسو مین	در غلطان صدف مین ہے صدف ہے در غلطان مین	یہ ہم اشک رو نہین کرتا ہی مردم دیدہ	مد یا خضر دور و نوح کی کشتی ہی طوفان مین
وصل جاناں حاصل ہوا ہے سوسن ان باقی	دفتر عشق بتا تا ہی ہے یہ واصل باقی	لگی ہے جلی ہے بجا ہے جو وصف جانان مین	نظر آتی فرق مین صاف نہی صاف نہی دل [illegible]
کچھ غم نہ سینہ بند کی خبر یا کوتھا مگر	پھولو نکا ہار او بجھ گیا گلدام ہو گیا	نہین معیوب تیرا نظر وہی تشبیہ زبانہ	نہ بنا ہو حرف ساکن مطلع ابرو جانانکا
جب زبان چاہا ہے مین زخم کے منہ پھر	تیغ سے مانگ لیا کرتے ہین	واہی قسمت ہمنے صد کھایا بیتابی یہ ہم	خط و مٹا لیکن یہ آیا تیغ سے تقدیر کا
اپنے حلقہ کو چھوڑا ہے زیر گردش نہ ملا	خال مرکز دور ہے پرکار آنکھین ہو گئین	نہ لیا بوسہ تیغ ابرو	ہم کہین قدم پہ چڑھا کرتی ہین
چشم احول ہے وہ جدا ان کی لطف نظارہ	او جاتا آنکھین ہو گئین جب آنکھیں ہو گئین	باغ کی آب و ہوا ہو سی ہے صحت بخش اگر	کسلئے نرگس کی پھر ہمارا آنکھین ہو گئین
منزل اول ہے چلنے سے تھکا ہین ناتوان	قبر بیٹھی ہے وحشت لیے دبانیکی لیے	خاک زاہد سے اگر تسبیح کے دانہ بنین	ال سو لیں ہم زندا و نگلی پر بجانیکے لیے
ہے فرق سر ضرور آئے لطف	کر کو دیکھی اگر چشم نافہ جانان سے	جو ہو تجی شانہ کو تکلیف زلف پیچان سے	سنائی آہ صداے شکست دندان سے
		دو مین بت کافر کی گر ہو جا کر شکی ہم ہو	پھولی [illegible] و ڈھال سے پہل خنجر فولاد سے

افگار ۔ تخلص منشی اندر سیپ سنگھ جلبہ رائے پر دومن کشن آنریری مجسٹریٹ مرادآباد ان کا قطع تاریخ دیوان وقار مطبوعہ سنہ ۱۲۹۱ ہجری مین درج ہے ۔

اکبر ۔ تخلص رام دین قوم گجراتی ابن بھگوان دین آدمی ذی لیاقت ہین مگر مولد اور مسکن اونکا معلوم نہوا مندرجہ ذیل تاریخ ہاے جنگ روم و روس اونکی تصنیفات سے ہین ۔

ترکون اب ہے وقت تنگ روس سے	شدید سیاہی ہے جانو دل پر جمادیا	اٹھی صدا غیب سے اکبر برا حال	ہی انتقام قہر کا قوم جہادیہ ۱۲۹۴

ایضاً صفحہ ۴ انجمن اخبار ۵ ستمبر اور مفرح القلوب ۲۱ دسمبر ۱۸۷۷ع سے

دیکھتے ہیں آج ہی اخبار مین	روسیون نے روم کو غارت کیا	قتل کیئے مرد مسلمان تمام	عورتوں سے کر گئے ہین اونکی زنا
لکھتے ہوئے حال کرتی ہی شرم	ظلم ہے اسلام پہ بھیہ بربلا	ترک ہی نے یہ کیا بھر سال	خاتمہ روم بروسے ہوگا ۱۲۹۴

ایضاً

لوگ کانگرس سے صلح کے مطلب عیان ہوگئے	سب بادشاہ روے زمین شادمان ہوگئے	اقلیم روم ٹکڑی ہوی حصہ ہوگئے	سلطان ہند سے سوا کام ان ہوگئے
باقی تمام آیا ہے انتظام ہند	اچھا بتاؤ ہند مسکنان ہوگئے	لیے جو خوشی سے اہل جہان واہ واہ	سلطان عظیم قیصر ہندوستان ہوگئے

جنگ شبکا تاریخ ۵ ستمبر ۱۸۷۷ء عیسوی

جنہوں کی جہاد ہی مین مہکری جنگ	ظفر روم کو آیا ہر ذرہ سیاہ
فلک کہے ہجری مین سال فتحت	کہا ہو گیا کار ترک اب تباہ ۱۲۹۴

تاریخ گریخت غازی احمد مختار پاشا

جو بھاگا احمد مختار پاشا غازی رومی
ملایک نے کہا بس احمد غازی لقب بھاگا

الفت - تخلص منگل سین قوم کایتھ ساکن عظیم آباد جنہون نے دہلی مین آکر جرأت سے اصلاح لی تھی اور اونکے اس شعر سے مترشح ہوتا ہے کہ اچھی طبیعت رکہتے تھے -

ہر قدم پیہا تلک آتے ہین سو بار نہین
کیونکہ گہر جانے لگے شام و سحر دو چار کے

الفتی - راجہ پیارے لال عظیم آبادی ولد راجہ سکہن جی عظیم آباد کے مشہور صوبہ دار راجہ رام نراین موزون تخلص کے وارث ہین اور رئیس اعظم اوس ناحیہ کے ہین فارسی بھی کہتے ہین اور اردو مین بھی داد سخن دیتے ہین چنانچہ یہہ شعر اونکا اونکی کلام کی صفائی کا عمدہ نمونہ ہے -

خاکساری سے مثال نقش پا
جسجگہ بیٹھے وہین کے ہو رہے

امانت تخلص رائے امانت رائے جو محلہ دریبہ واقع دہلی مین رہتے تہے اور حال اونکا معلوم نہوا شاید یہہ وہی امانت رائے ہون کہ جنہون نے راماین اور بھاگوت کا فارسی منظوم ترجمہ کیا ہے -

تشریف یہان نہ لاؤ پر نامہ تو بھیجو
مت کچھ خبر ہماری اپنی خبر تو بھیجو

امیر - تخلص جوالا شنکر ولد گنگادت قوم کایتھ سکسینہ باشندہ بریلی ایک ذی استعداد اور نیک نفس آدمی ہین انکی تصنیفات سے پنچ کتھا ست نراین مسمی بہ واقع عذاب دیکھی ہے جو ۱۸۸۱ء مین چھپی ہے کتھا واقعی دلچسپ اور قابل دیکھنے کے ہے اوسکی نظم بہت سلیس اور شیرین ہے چنانچہ یہہ چند شعر بطور نمونہ اسمین سے یہان درج کیے جاتے ہین

زبان پر ست نراین کا ہی نام
کہ جس سے جان کو تن مین ہے آرام
جمال اوسکا تماشا روبرو ہے
چمن مین گل ہی گل مین رنگ و بو ہے
بیان کیا کر سکے یہہ مشت خاک
بجز اسکے کہ ہے وہ ایزد پاک
اوسی کی ہر طرف جلوہ گری ہے
کہین زہرہ کہین وہ مشتری ہے
جدا ہے سب سے لیکن ہے ہر اک جا
دوئی سی دور ہے یکتا ہے یکتا

اندرمن - تخلص باسم خود زبدۂ محققان نو و کہن قدوۂ موحدان فخر زمن منشی اندرمن جو آج علم و فضل مین اپنے وقت کی یکتا ہین اور جنکی علمیت و فضیلت کا شہرہ تمام ہندوستان مین پہیلا ہوا ہے یہہ قوم سے مہاجن ہین اور مراد آباد کو اونکی سکونت سے شرف حاصل ہے اونکو جسقدر عبور مذہبی علوم اور کتب شاستر مین ہے اوسیقدر مسلمانون اور انگریزون کے علم دین مین بھی ہے اونہون نے مباحثہ مذہبی مین بڑی شہرت اور ناموری پائی ہے اور ابتک مندرجہ ذیل کتب اردو اور فارسی مین تصنیف کر چکے ہین - ۱- تحفۃ الاسلام - بجواب کتاب تحفۃ الہند مولوی عبید اللہ صاحب

۲- ابطال التناسخین - بجواب تنبیہ الاصنام و اعجاز محمدی - ۳- حملہ ہند - ۴- صولت ہند -
۵- صمصام ہند - ۶- حماد ہند - ۷- صوارم ہند - ۸- پاداش اسلام بجواب خلعت الہنود
۹- اصول دین احمد - بجواب اصول دین ہنود - ۱۰- اندر بجر - بجواب سوط الجبار مولوی محمد علی صاحب

ان کتابون کی عبارت بہت صاف شیرین عام فہم اور دلنشین ہے اونکی مطالعے سے ہر ایک ہندو اپنے اور مسلمانون کی مذہب کی حقیقت اور ماہیت سی واقف ہونیکا فائدہ اوٹہا سکتا ہے علاوہ اسکی بہت کچہ عمدہ ذکر اونکے خوارق عادات کا بہی سننے مین آیا ہے اور اونکا دم فی زماننا ہندوستان مین مغتنمات سی ہے اونکی تصنیفات نے بہت سی کم علم اور مذہب سے ناواقف ہندوونکو مسلمان اور کرسٹان ہونے سی محفوظ رکہا ہے سوائے کتب مباحثہ مذہب کے اور کوئی تصنیف اونکی ہمارے دیکہنے مین نہین آئی اور نہ کوئی کلام نظم قسم غزل و شعر وغیرہ سے معاینہ اور مسموع ہوا لہذا یہہ چند شعر اونکے جو خاکساری کی صفت مین مین کتاب اصول دین احمد سے بضرورت یادگار منتخب ہوکر یہان درج کیے گئے۔

جو ہشت خاک رہ پڑا تہا مین	سمجھتے خاک ہی کو کیمیا ہین	جو ہین وہ خاکسا حضرت پاک	ہوئی اسواسطی آلودہ خاک
جو ہووے خاک بنیر کوی ولدار	او ہی ہے خاک سے ہر دم سرکار	جسی زر خاک سی حاصل ہوا ہے	ہی خاک اوسکے حقمین کیمیا ہین
تو خاکر نیاز یون ہے پوچہہ خود سر	کہ ہی خاک اوسکو سونے کے برابر	نہ ہرگز خاکسارون سے ہو بد ظن	کہ ہووے خاک سی آئینہ روشن
نہ اصلا خاک پر کر طعن بیباک	کہ دنیا اول و آخر مین ہی خاک	بباعث خاک کے ہی باغ و بستان	بدولت خاک کے ہی کاخ و ایوان
عیان ہو خاک سی لعل بدخشان	ہوا ظاہر خاک سے یاقوت و مرجان	زر گل خاک سی آتا ہے بیرون	دیا ہی خاک ہی مین گنج قارون
ہے زیر خاک ہووے مین خزاین	اسے مین مدفن رہتی ہین دفاین	ہوا ہے قد سبو لکا خاک کے افسر	رکہا ہی جسنے اپنا خاک بر سر
بظاہر دیکہ لے اے حق فراموش	کہ دریا ای کیا ہی خاک سی جوش	طفیل خاک ہے ہر روئیدگی سب	بدولت اسکی ہین چشمی لبالب
تو خود بہی خاک ہے اے خاک ہسر	غرور اتنا نہ مشت خاک پر کر	غرض ہے خاک ہی سے سب جز و کل	سمجھ ہشیار اسی سے بی تامل

انور — تخلص پنڈت شمبہو ناتھہ لکھنوی ولد کیشو ناتھہ شاگرد آغا حسین مرزا عشق و معصوم طوطی —

مجہہ پر جو گزرتی ہی روش ہے یارکی	خود حال آئینہ ہے کوئی کیا خبر کری	کیون شام سی گہبرا گئے ہو ٹہرو صبا	شوق ہے گہر چلے جایئو کچہہ رات رہے ہے
زلفونکی یاد یہہ کیا ناتوان مجہے	تا نفس بہی ہاتہ ہے بر گران مجہے	نسبت ازل سی عاشق و معشوق کی	وہ بیٹہین ہوکے تو کیا بیزبان مجہے
مر جائے غمگسار ہین ہمدم ہین قدر مین	کب بہولتی ہین نالہ و آہ و فغان مجہے	یار و تکے قافلہ سی کہلی چشم دور مین	ستر ہوئی ہی گرد ہیں کاروان مجہے

ادباش — تخلص منشی چہنو لال ریختی گو ساکنہ دہلی کچہہ کلام انکا منشی درگا پرشاد صاحب نادر نے بہیجا تہا از انجملہ یہہ چند شعر اس تذکرہ کے لئے منتخب ہوئے —

ادباش تیری چال کو پہچان گئے ہین	مجہہ میر لیطر فسی ہوا ہے سوکن نے کہا	غصہ مین بہرا بیٹہا تہا اوچہین بیچہی
	تو رات گہر مین نہین آیا تو مین تہا	

اہل — تخلص جانکی بی بی صاحبہ پردہ نشینان شہر آگرہ آباد سے ہین اور شاید کہ قوم کی کایتہہ ہون اور بشرط صحت اس خبر کے ہم اسبات کا بہی فخر کر سکتے ہین کہ شاعرہ عورتین ہماری قوم مین بہی موجود ہین — دو دو غزلین انکی ہمکو ایک عنایت فرما کی معرفت پہنچی ہین اور طرز کلام سے واضح ہے کہ بی بی صاحبہ ممدوحہ بڑی خوش فکر اور صاحب ذہن سلیم ہین اون کو اس فن مین خوب مشق ہے —

تو کنی تو رہا کری دیا زلف رسا کی قید سے ہم	ہم جان سے جائین بہی تو

ملتا ہے وہ مضمون ہمیں دیس سے
کعبہ کیطرف لستہ میں کسطرح سے جاؤن
لایا جو سب بحر میں اہل زبان
سنا جب او بچتا ہی تیری زلف دوتا
لیکن کہیں جہلے کو کری محکو ندام

رہتا ہے جو بندش فکر شعرا سے
دستوار سنبھلنا ہے مجھے لغزش پا سے
تاثیر ہم آخوش ہوئی آہ کی دعا سے
ڈر ہاہے ہمارا دل صد چاک بلا سے
اتنا ہے فقط خوف ترے دزد حنا سے
سچ پوچھئے تو خاک در یار ہے ہمکو

اوس گل کا نہ لائے کبھی پیغام نسیم یا سحر
آتا ہے نظر ہاتھہ مین اوس شوخ کی حسن
مارا ہی جہیں آینے آنکھونکی حیا سے
نا حسرت جدا ہوتے ہیں اوس حور لقا سے
باقی میں ہی جاتی ہے بادہ کشونکو
آرام ہے بڑھکر کہیں نقش کف پا سے

شرمندہ کبھی ہین ہوا باد صبا سے
ہوتا ہی نہو چاک مرا رنگ حنا سے
اپنا کو جلاؤ لب اعجاز نما سے
خواہش ہے اگر دلمین تو نہی ہی خدا سے
بیہوش کچہ ایسے ہوئے ساقی کے صلا سے

بالغ - تخلص - لالہ ہرے ہربنس رائے قوم کایتہہ بہٹ ناگر ساکن گلاوٹھی ضلع بلندشہر وکیل عدالت منصفی فارسی
مین اچھی استعداد رکھتے تھے دو برس ہوئے کہ گزر گئے یہہ شعر اون کا ہے اگر کلام شنکے مشتاق ہیجا ہیا ہوا ہیان ہی جرم
نام بالغ کا مری فہرست مین داخل نہین ۔ کیون نہین کرتی ہو خارج غیر سے بولا وہ شوخ ۔

برج لال - تخلص باسم خود - وکیل کانپور کوئی صاحب ہین جنکا ایک قصیدہ منشی الیسری پرشاد سررشتہ دار
عدالت ضلع کانپور کی مدح مین دیکھا گیا اوس سے یہہ دو شعر منتخب ہوئے -

نوا علم و ہنر کا ہے ادا سکے لبکہ بلند ۔ نہین ہے طائر فہم و خرد کا جسپہ گزار
ہزار شکر بدرگاہ حقتعالی ہے ۔ کہ فضل آپ سے اوسکو کیا سررشتہ دار

برق - تخلص - لالہ شیو سہای ساکن میرٹھہ وکیل عدالت منصفی شاگرد غلام محی الدین عشق و مبتلا - اب
عمر اون کی ساٹھہ سے زیادہ ہے -
اوسکی چوٹی پہ ہاتھہ کیون ڈالا ۔ برق نادان کو مار کہانے دو

بسمل - تخلص - پنڈت موتی لال - اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر و میر منشی نواب لفٹننٹ گورنر بہادر ملک پنجاب
باشندہ دہلی - رونق افروز لاہور ہین - قوم کشمیری انگریزی زبان کی فاضل اور فارسی مین بہی اچھی
ماہر ہین اور شعر بہی موزونی طبع سے خوب موزون کرتے ہین - چنانچہ یہ شعر اون کا ہے - اور یہہ صاحب
اس زمانہ کے نامبرآوردہ اور لایق فائق شخص ہین
گہر برائے تہی تیرے پاس مرجایا ہو ۔ بس ادہر آتا ہو نہین اودہر جاتا ہو

بسمل تخلص - پنڈت سندر لال آنجہانی سررشتہ دار پرمٹ کانپور ولد بخشی ٹیکا رام برہمن کشمیری باشندہ
لکہنؤ شاگرد شیخ امام بخش ناسخ -

پنجہ مرجان ہین دست حنائی کی نہ کچھ حقیقت ۔ لیے نشتر کی انگلیان ہین یہ وہ سحر کی انگلیان
یہ نہین ناخون ہی طفل برہمن ہاتہہ مین ۔ دابتونکی ہیجی دبائین انگلیان عیار نے
گرد ہامر غ دل اپنا یہ شیون ہی بہر ۔ مین جو جہپکا نہ لگا اوس سیمبر کی انگلیان

برہمن تخلص - نام نامعلوم - یہ دو شعر ان حضرت کے گل و صنوبر کے اردو ترجمہ مصنفہ ہم سے بیانکے -
یہہ نہ جانو کہ مرا آنکہہ سے آنسو ٹپکا ۔ نشتر عشق لگا جس سے کہ لوہو ٹپکا
برہمن عشق بتان کی ہو لذت معلوم ۔ ٹپکے پہوڑے کی طرح جب دل پر خون

بریان - تخلص - پنڈت گنیشی لعل اور حال معلوم نہوا اور یہہ دو شعر اون کے ہین -
غیر کی ہو صنم آنکہو سے جو نشہ گہر ۔ ہا قسمت یہ ستم آنکہو سے جو نشہ گہر
شاد و خندان ہیں ہمن سب عدو ۔ مین ہی ہون جسم نم آنکہون سے جو نشہ گہر

بشاش - تخلص - اضعف العباد دیبی پرشاد مولف تذکرہ ہذا - ہر چند کہ شاعر نہین مگر شاعرون کا نام لیوا
ہے اور کبھی کبھی اردو فارسی کی بہی تک بندی کرلیتا ہے اس لئے دوستون کے اصرار سے لاچار ہو کر کچہہ حال
اور کلام اپنا بہی یادگاری کے واسطے لکہتا ہے - یہ مسکین قوم سے کایتہہ سکسینہ ہے وطن بزرگون کا بہوپال
ہے مگر دو پشت سے اجمیر مین آب و دانہ کے تقاضے سے قیام ہے بندیکے دادا کے پردادا منشی نرسنگہہ داس
ریاست بہوپال کے معزز ملازم تہے اون کے صاحبزادے منشی عالم چند بہت لائق اور عالم ہوئے اونکے
صاحبزادے منشی گہاسی رام علمیت اور خوشنویسی مین اپنا جواب نہین رکھتے تہے چند کتابین اون کی لکہی ہوئی
بخط نستعلیق و شفیعہ و شکستہ وغیرہ بندہ کے پاس موجود ہیں اور اون سے اون کا کمال فن خطاطی
مین ظاہر اوسوقت چہاپہ نہین تہا اور قلمی کتابون کی بہت قدر تہی اس سبب سے آپکی خوشنویسی سے
بخوبی آمدنی ہو جاتی تہی اور آپ بلا کسیکی نوکری چاکری کے خوش گزران تہے مگر بعد وفات آپ کے جولال
کشن چند دادا راقم کے خورد سال رہ گئے اور ریاست والون نے رشتہ دارون کی چغلخوری سے کئی بار
گھر لوٹ لیا اس سبب سے دادا صاحب اور اون کے والدہ ماجدہ کی اوقات تنگی اور تکلیف سے
بسر ہونے لگی نواب امیر خان جو بعد کو رئیس ٹونک اور بڑے نامی شخص ہندوستان مین ہوئے اوسوقت
مالوہ مین بخت آزمائی کرتے پہرتے تہے اور اوس عرصہ مین وہ بہوپال مین تہے چونکہ دادا صاحب کی
شادی اون کے بخشی دولت رائے کے صاحبزادی سے ہوگئی تہی اس لئے اسد فعہ وہ دادا صاحب کو
واسطے تعلیم و تربیت کے اپنے ساتہہ لے گئے اور جنابہ دادی صاحبہ خورد و کلان بہوپال مین ہی رہین -
کچہہ عرصہ بعد ناگپور کے راجہ نے بہت سی فوج لاکر بہوپال کو گہیر لیا اور یہہ گہیرہ بہت دنون تک سختی کے
ساتہہ لگا رہا جس سے شہر مین غلہ کی قلت یہان تک ہوئی کہ سیر بہر چانول پانچ روپیہ کو آتے تہے اور
غریب لوگ بہوکون کے مارے مرتے تہے اور جنکو موقع ملتا تہا وہ شہر سے نکل ہی بہاگتے تہے آخر
اسیطرح ایکدن ہماری دادی صاحبون کو بہی بے سرو سامان جان لیکر نکل جانا پڑا اوسوقت جو گہر اور جو مال
اس مین تہا اپنے رشتہ دارون کو سونپ آئی تہین سو وہ اون کے ہی قبضہ مین رہا مگر افسوس یہ ہے کہ
اون حضرات نے کتب دستخطی جناب دادا صاحب گہاسی رام جی جو دو صندوقون مین بند تہین بیچ کر
زیور بنوا لیا دادا صاحب کے پاس جو دو چار کتابین رہین وہ یہی ہین جو اونکے خسر اونکے پڑہانے
کے لئے لے آئے تہے خیر دو نو دادی صاحب بہوپال چہوڑ کر شہر سرونج علاقہ مالوہ مین جو آپ شامل ریاست
ٹونک ہے آرہین اور وہان اٹہارہ برس تک اتفاق سکونت کا رہا اور دادا صاحب کشن چند جی نواب
کے چلتے پہرتے لشکرون مین بفراغت اپنا اور اپنے متعلقون کا گزارہ کرتے رہے مگر بعد جنگ پنڈ

سرکار انگریزی بہادر نے تمام غارت گرون اور مرہٹہ سردارون کو ایک جگہہ بٹہا دیا اور ملک مین ہرجگہہ امن امان ہوگیا اب جناب ممدوح کو البتہ ایک گونہ عسرت لاحق ہوئی کیونکہ وہ زیادہ تر پڑہے لکہے ہیں تہے اور اون کا شوق اور رجحان طبیعت اوس زمانے کے تقاضے اور منشا کے بموجب زیادہ تر سپاہگری کی طرف تہا اور اوسی عہد یعنے جنگ پنداڑہ کے قریب سمت ۱۸۶۶ مین میرے والد بزرگوار منشی نتہن لال صاحب کی ولادت شہر سرونج مین ہوئی اور چند سال بعد اسکے جناب دادا صاحب اپنے قبائل کو لیکر ٹونک مین کہ جہان نواب امیر خان مرحوم نے سکونت اختیار کی تہی اپنے خسر بخشی دولت راے کے پاس چلے آئے اور وہان جناب والد ماجد نے بظل تربیت اپنے نانا صاحب کے علم کی تحصیل اور کسب کمال کیا اور بعد وفات نواب صاحب مغفور اور بخشی صاحب ممدوح کے جو سنہ ۱۲۵۰ ہجری مین واقع ہوئی صاحبزادۂ عبد الکریم خان صاحب خلف اصغر نواب صاحب مرحوم کی سرکار مین عہدہ منشی گری و پیشکاری کامداران مین نوکر ہوگئے اور عرصہ چند سال تک جناب صاحبزادۂ ممدوح کے ہمراہ واسطے پیروی مقدمہ تقسیم ریاست کے جو جناب ممدوح نے اپنے بہائے نواب وزیر الدولہ بہادر مبرور کے اوپر سرکار انگریزی مین دائر کر رکہا تہا بہوپال گوالیار دہلی آگرہ متہرا اور اجمیر وغیرہ پہرتے رہے اور آخر بعد انفصال مقدمہ جب صاحبزادہ صاحب بہادر مغفور نے اجمیر مین رہنا اختیار کیا تو والد موصوف نے بہی وہیں مکان بنا کر تمام متعلقان خانہ کو سمت ۱۹۱۷ مین ٹونک سے وہان بلوا لیا سمت ۱۹۲۰ کی ماہ سودی ۵ اکو راقم آثم کی ولادت مقام جے پور مین اپنے نانا حکیم شنکر لال جی کے گہر ہوئی جو ایک بڑے نیک دل اور فقیر دوست آدمی تہے دادا صاحب کشن چند سمت ۱۹۲۵ کے بیساکہ مین راقم آثم کو اجمیر مین لے آئے اور سب سے پہلے اونہون نے ہی راقم کی تعلیم تربیت مین بدل توجہ فرمائی چنانچہ الف بی تے پڑہانے کے بعد دادا صاحب کہاسی رام جی کے ہاتہہ کا لکہا کریما پڑہایا بعدہ جناب والد بزرگوار نے اپنی اوقات گرامی کو راقم کے نوشتخواند مین صرف کیا سمت ۱۹۳۱ مین راقم کے نانا صاحب نے راقم کو اپنے پاس جے پور مین بلایا اوسوقت راقم گلستان پڑہتا تہا جناب ممدوح گو بخوبی پڑہا لکہا سکتے تہے لیکن بنظر تبرک اپنے اُستادزادون کے پاس لیگئے اور سپرد کر آئے چنانچہ راقم نے عرصہ قریب ڈیڑہ سال تک وہان مولوی امان اللہ و حفیظ اللہ وغیرہ سے جو بڑے مہربان و ذی علم اشخاص تہے تحصیل علم کیا اس عرصہ مین جناب نانا صاحب کا انتقال ماہ کاتک سمت ۱۹۳۲ مین ہوگیا اور ماہ بیساکہ سمت ۱۹۳۵ مین جناب قبلہ گاہ صاحب جے پور تشریف لیجاکر راقم کو اپنی ہمراہ اجمیر مین لے آئے اوسوقت جناب دادا صاحب بیمار تہے اور اون کی بیماری طول پکڑتی جاتی تہی یہانتک کہ کوئی دوا کارگر نہ ہوئی آخر ماہ کاتک مین وہ بہی جان بحق ہوئے عمر آپکی ساٹہہ برس سے کچہہ اوپر تہی

اور عجیب متین اور بزرگوار شخص تھے راقم کو اون کے الطاف و مکارم بہدگا نہ اب تک بخوبی یاد ہین اور
یہ جو کچھہ خندہ بدہ راقم کو حاصل ہے اونہین کی برکت سے ہے الحاصل راقم پندرہ سولہ برس کی عمر تک گہر ہی
جناب والد بزرگوار سے لکھنا پڑھنا سیکھا اور بعد اسکے کچھہ صورت ناحن بندی کی صاحبزادہ عبدالکریم خان
صاحب مغفور کی سرکار مین ہوگئی اور سمت ۱۹۲۱ مین کسیقدر اضافہ بہی ہوا اور سرکار ممدوح مثل
والد ماجد کے راقم سے بہی خوشنود اور رضامند رہتے تھے اور اون کے صاحبزادے محمد خان صاحب
اور حامد خان صاحب اور محمد سعید خان صاحب بہی بچپن سے راقم کا لحاظ اور خیال رکھتے تھے اور
ان تینون لایق صاحبزادون کو نواب وزیرالدولہ بہادر رئیس ٹونک بہت پسند کرتے تھے اور مثل اپنے
حقیقی صاحبزادون کے اپنے پاس رکھتے تھے اور کوئی ٹونک میں نہین کہہ سکتا تھا کہ یہہ حضور کے بہتیجے
ہین اور بعد انتقال نواب صاحب ممدوح کے جو سمت ۱۹۲۱ مین ہوا اون کے جانشین نواب محمد علی خان بہادر
بہی ان صاحبزادون کی بہت خاطر کرتے تھے سمت ۱۹۲۲ مین صاحبزادہ محمد خان صاحب ٹونک سے اجمیر مین
آئے اور راقم کو اپنے ساتہہ لیگئے۔ شعر کی طرف راقم کو شوق تو پہلے بہی تہا لیکن یہان آکر بسبب فرمایش
آقاے نامدار کی طرح پر غزلین کہنا اور مشاعرون مین جانا پڑا چنانچہ یہ اتفاق پہلے پہل صاحبزادہ احمد علیخان
صاحب رونق تخلص کے مشاعرہ مین ہوا طرح یہہ تہی | کبہی بن آتی نہین کیا کیجے | اسپر جو غزل راقم نے
صاحبزادہ ممدوح کے اصرار سے لکھی تہی اوسکے چند شعر حاضرین جلسہ کو بہت پسند آئے اور یہ باعث
حوصلہ کا آئندہ کے لئے ہوا۔ صاحبزادہ صاحب نے تو تخلص حریق تجویز کیا تہا مگر والد ماجد نے بشاش رکہا
راقم نے تبرک سمجھکر دونون تخلص بحال رہنے دئے۔ سمت ۱۹۲۶ مین صاحبزادے عبدالکریم خان صاحب تین برس
بعد حسب الطلب نواب ابراہیم علی خان صاحب بہادر رئیس حال ٹونک کی جو سمت ۱۹۲۶ مین بعد معزولی اپنے
والد نواب محمد علی خان صاحب بہادر کے مسند نشین ہوئے تھے اپنے خاندان سے ملنے کے لئے ٹونک
مین تشریف لائے اور ڈیڑہ مہینے بعد قضاء الہی سے ہیضہ مین مبتلا ہوکر جان بحق ہوئے اس واقعہ سے
چند عرصہ بعد جو اونکے صاحبزادون مین تقسیم ترکہ وغیرہ سے باہم صفائی ہوئی تو والد ماجد کو تو انگلشو
دیدی اور راقم کو صاحبزادہ حامد خان صاحب نے اپنی طرف لے لیا چنانچہ سمت ۱۹۳۴ تک راقم اونکے
سرکار مین رہا مگر چونکہ وہان ریاست کیطرف سے بنظر تعصب مذہب جو لوازم دین اسلام سے ہے ہندوونکے
واسطے سخت قیدین لگی ہوئی تہین جیسے مندر نہ بنانے پائین اور پرانے مندرون کی مرمت نکرسکین
وغیرہ وغیرہ اور اسکے سوا مسلمان لوگ بزعم حکومت عموماً ہندوون سے سختی کے ساتہہ پیش آیا کرتے
تھے اس لئے راقم کو ہمیشہ وہان کے رہنے سے دل مین کراہیت رہا کرتی تہی کیونکہ اس آزادی اور

روست ضمیری کے زمانہ مین کوئی سخود کیسی غلامی مین رہنا چاہتا ہے اور نہ اپنی قوم کا رہنا گوارا کرتا ہے
اور اسی خیال سے بعض اوقات مجبوراً اون قیدون کے اوٹھا دینے کی کوشش بھی در پردہ زبانی گفتگو
اور دربار میں عرض معروض کرانے وغیرہ سے کیجاتی تھی اور یہہ ہی امر باعث بدظنی رئیس کا ہوا جسکے کہ سمت ۱۹۲۵
کے شروع مین دفعتاً راقم کی نسبت حکم ہوا کہ یہاں سے چلے جاؤ راقم کو بھی یہہ ہی منظور تھا اسلئے بلا عذر وہ مل
وہان کار روزگار چھوڑکر اور اپنے آقا صاحبزادہ حامد خان صاحب سے نیکنامی کی چٹھی لیکر اجمیر مین چلا آیا
بعد آنے راقم کے راقم کی تمام کوششین مشکور ہوگئین اور رئیس نے حالات زمانہ سے اندیشہ ناک
ہوکر ہندوؤن کو شرعی قیدون سے آزاد کردیا - دیکھو اودہ اخبار مطبوعہ ۵ مارچ ۱۸۶۹ء - یہان
صاحبزادہ محمد عبید اللہ خان صاحب بہادر نائب ریاست ٹونک کے فرزند ارجمند صاحبزادہ عبد العلیم خان
جو نواسے صاحبزادہ عبد الکریم خان صاحب مرحوم کے ہین میو کالج مین بضرورت تعلیم انگریزی رہتے
تھے اور انکے اتالیق منشی رام چندر کو ایک محرر حساب دان کی ضرورت تھی اسوجہہ سے بوجہ تعارف
سابقہ کے وہان میرا روزگار ہوگیا لیکن سال بہر کے اندر ہی تنخواہ بقدر ثلث تخفیف ہوکر بہت سا
وعدہ وعید آئندہ ترقی و پرورش کے لئے ہوا وہان تنخواہ گو پہلے ہی قلیل تھی مگر راقم اس خیال سے
کہ ایک مدت تک جناب والدین کی خدمت سے مہجور رہا اور اب جو یہ سعادت حاصل ہے تو اسیقدر
قلیل پر قناعت کرنا چاہئے تاکہ تلافی مافات ہو بجفا و کفا گزر اوقات کرتا رہا پر اب جو یہانتک نوبت
پہونچی تو ناچار باہر جانے اور روزگار تلاش کرنے کی ضرورت ہوئی لیکن اوسی عرصہ مین میرے چھوٹے
بھائی بابو بہاری لال کے ذریعہ سے بتعارف پنڈت نراین سہائے جی و مادہو پرشاد جی کہ یہ دونو
بڑے بامروت اور باوضع آدمی ہین ریاست جودھپور مین صورت روزگار کی ہوگئی چنانچہ
ابتک کہ چار برس ہوئے راقم یہان محکمہ اپیل مین نائب سررشتہ دار ہے اور سب لوگ بفضل الٰہی
راقم سے خوش ہیں - اور اب تک مندرجہ ذیل کتب تصنیفات راقم سے مطبع و مشتہر ہوچکی ہین

۱- لطائف ہندی - پٹیالہ مین چھپی -

۲- افسانہ خرد افروز یعنے قصۂ بہرام و بہروز - مطبع مفید عام آگرہ مین چھپی اور کئی سو جلدین اوسکی
سرکاری اسکولون اور کتب خانہ جات مین لی گئی ہین -

۳- تاریخ میواڑ ترجمہ راج پرسستی - مطبع منشی نولکشور لکھنؤ مین چھپی -

۴- رسالہ چہل جواب تاریخی　　ایضاً　　ایضاً

۵- کارنامہ نوآئین یعنے تقویم موید المورخین　　"　　مکرر

۶۔ گلدستۂ ادب۔ اسکی صلۂ تالیف مین سو روپے گورنمنٹ ممالک مغربی سے انعام ملا اور مطبع نولکشور لکھنؤ مین چھپی ہوئی ہے۔
۷۔ خواب راجستان۔ مطبع نول کشور مین چھپی۔
۸۔ سوانح عمری نوشیروان بادشاہ۔ مطبع خیر خواہ عالم دہلی مین چھپا۔
۹۔ جواہر التعبیر ترجمہ سنسکرت سپن چنتا منی " " " "
۱۰۔ نفائس التواریخ۔ حالات حکماء سلف مین۔ " " "
۱۱۔ تاریخ تزک ہند " " " "
۱۲۔ تعلیم النساء۔ اسکے صلۂ تالیف مین بہی گورنمنٹ ممالک مغربی سے سو روپیہ ملا تہا۔ مطبع مذکورہ بالا مین چھپی ہے

مندرجہ ذیل کتابین تیار ہین مگر ابھی چھپی نہین

۱۔ تواریخ مارواڑ۔ اسکے صلۂ تالیف مین تین سو روپیہ گورنمنٹ ممالک مغربی سے عطا ہوا ہے
۲۔ عجائب التواریخ۔ واقعات عالم بقید سنین ہبوط آدم۔
۳۔ احکام نوشیروانی۔ ترجمہ توقیعات کسریٰ۔
۴۔ معیار الشعرائے ہنود۔ ہندو شاعرون کی فارسی کلام کا تذکرہ۔
۵۔ ناری نورتن۔ عورتون کے پڑہانے کی ہندی کتاب۔
۶۔ مضامین دلنشین۔ متعلق ترقی و بہبود قوم کایتھ۔
۷۔ مصائب زندگی۔ سوانح عمری راجہ کرن باگھیلا والی گجرات ہمعصر علاء الدین خلجی۔
۸۔ حل لغات حقائق الموجودات۔

مندرجہ ذیل کتب ناتمام ہین

۱۔ خلاصہ مہابہارت ۲۔ ترجمہ مہابہارت ۳۔ سنین ہجری۔ تاریخ عام اہل اسلام بقید سنہ ہجری سنہ ہجری سے اسوقت تک ۴۔ سنین عیسوی۔ یورپ و چین کی تواریخ سنہ ۱ع سے اسوقت تک۔ ۵۔ سنین ہند ہندوستان کی تواریخ سمت آبکرم سے اسوقت تک۔ ۶۔ تواریخ جے پور ۷۔ تواریخ ریاست سروہی ۸۔ تواریخ ٹونک۔ ۹۔ تواریخ ریاست اودے پور۔ ۱۰۔ تواریخ ریاست الور۔ ۱۱۔ تواریخ ریاست ایڈر ۱۲۔ تواریخ ریاست بوندی ۱۳۔ تواریخ ریاست کوٹہ ۱۴۔ تواریخ جہالاواڑ ۱۵۔ تواریخ بہرتپور۔ ۱۶۔ تواریخ بیکانیر ۱۷۔ تواریخ جیسلمیر ۱۸۔ تواریخ مفصل مارواڑ۔ ۱۹۔ تواریخ ریاست بانسواڑہ۔ ۲۰۔ تواریخ ڈونگرپور۔ ۲۱۔ تواریخ دیولیہ پرتاب گڈہ ۲۲۔ تواریخ اجمیر ۲۳۔ تواریخ ریاست کشن گڈہ ۲۴۔ تواریخ راجپوتان متفرق جوائنٹ ... ہین۔

۲۵- ترجمہ نظم راج نیت یعنی کلیلہ دمنہ ۲۶- لطائف الظرفا منتخب از کتب تواریخ ۲۷- ہدایت الشعرا منتخب از کتب تواریخ ۲۸- حکایت عدل و انصاف منتخب از کتب تواریخ- ۲۹- تاریخہاے عجیبہ انتخاب از کتب تواریخ ۳۰- تذکرۃ الصنائع- منتخب از کتب تواریخ ۳۱- بعضے از اشعار اساتذہ- منتخب از کتب تواریخ-

دیوان ساقم کا مرتب نہین ویسے ہی مسودات متفرق پڑے ہین اور انہین مین سے یہہ چند اشعار منتخب کرکے درج کرتا ہون ناظرین سے امید ہے کہ سہو و خطا کو معاف فرماوین-

عید کو بھی ہوا ماہ سے ہمبر نہین ہون
اُنکے دل سے نکلا آہ کدورت کا غبار
ہے صنم شان خدا شان ہے تیری پیدا
دل پہ رہین ہے سواد ہنر و علم و کمال
حال دل کہتا ہون رو رو کے نہ سنتے وہ ادا
قتل عام اب ترے کوچہ مین ہوا کرتا ہے
ہم کو معلوم ہے جاتا ہے جہان چھپ چھپ کر
میرے مانند نہین کوئی جہان مین بیکس
جوش وحشت مین جو جاتا ہون مین صحرا کی طرف
کون ہے ایسا تیرے جان نثار و ہمین نہین
نہ تھا باغ مین نرگس ترے آنکھونکا حیران ہے
تمہارے دید کو ہر یک کی چشم ہے حیران
ترے زلف و عارض جو ظالم ہے یہ خندان ہے
زمین عرش قلب ہے اور حرم مین ہے گنبد کی
کہا نسبت ہے کیا ہندو نے سے مصر کنعان کو
جیسے کہتے ہین روز حشر و مہر حشر عالم مین
جو دیکھو چشم سے تو ہے عیان مرآت البیان
پھرین کیسے کبک تماشا کو دیکھا چال کو بھولے
دریا کا مدعا جو اس کی تشنگی پہنچی آگ لگی

بخت اتنا بھی چمکا وہ بدر
مر گیا اور ملا خاک مین ہیکر نمین ہون
سجدہ اٹھو ہو گرا سمین فرمین تو کہا ہون
خاک غربت مین چھپا صورت اخگر
ہو گئی ہے اپنی ہستی اعتبار ہی اندنون
حال تو اب تو قیامت کے چلا کرتا ہے
پر تو کیون ہم سے ہے یہ زیر ادا اور اکرتا ہے
دہن زخم بھی میرا نہ ہنسا کرتا ہے
ہم کو اپنے تعظیم او ٹہا کرتا ہے
بات جو تجھہ مین ہے انکی وہ ہزار و نہین
ترے زلف پریشان کا تو سنبل پریشان ہے
فلک انجم سے گرانی ہے زمین سنبلستان ہے
تماشا بلبل گل کا ہے سیر برد و باران ہے
ترے اشک و انکا بھی کوئی طوفان ساطوفان ہے
کہ یہان ہر سر گلے مین جلوہ یوسف نمایان ہے
وہ سیر سحر کی سب ادا و لکا داغ سودان ہے
مردان ہجا پہ ہر سر وقت پہ ہر تو آن ہے
انہونکی حسرت دیکھا یا مجنون نے حیران ہے
مر گیا ہوت پہ سنگ عالم تخت سلیمان ہے

پھرتا ہون در بدر تجھے ڈہونڈہتا گہر گہر
کس خطا آپکی ابرو کو جو خنجر لکہا
مین نہین دیکہون ہون آئینہ جو وہ ہین
تحوار الیس ہے کیون یاد تمہارے اندنون
شمع سان آنسو ہی کیون عشقبازی مین
مین وفا کرتا ہون گر یار جفا کرتا ہے
سجدہ کیجئے ن سر پردہ کہ یک پردہ نشین
فتنہ و شر ہے جو ادا شوخ کو ہی ربط تمام
کیا نہین دیتا عمر پڑی کی جگہہ
اُٹھا کر آشنا نہ صحبت یاران دانا ہے
جو ترے مصحف رخ پہ لکہا خط ریحان ہے
چمن ہے بہار ساقی ہے مے اور غزلخوان ہے
دہن غنچہ ہی نرگس چشم رخ ہی گل خط ریحان
خیال لف و خال سے یہ عجب عالم کو ہوا ہے
زمین شعر مین بھول رہتا ہے خوا اگر نخل کا
ترے گیسوے پیچان کا جو سنبل مقابل ہے سو جا
سامنے تیرے دانتو نکی قلم ہو گئے او گلتا ہے
چلین نہ تو انگ سے ہی اب بہر غم عالم عشق
کسک و مینا پہ ہے یہ خانہ عنبر سے پرکیا

کہیلتا عشق مین ایسا کام کی جو سر
قتل جا ہو تو کرو قابل خنجر مین ہون
اونکی حیرانی جو کہہ اور بھی شدہ مین ہون
آ گئی کیا باغ مین انکی سواری اندنون
سر نہ کٹوائے کہین یہ خامہ کار اندنون
جسکا جو کام ہے وہ اپنا کیا کرتا ہے
حاضر دل مین ترے ابتو لیسا کرتا ہے
اس لیے عطر ہی فتنہ کا ملا کرتا ہے
جا کبھی اس غرفہ و منظر مین کیجیے
سدا لہجہ ترے خضر تو ولا ہے
پڑہا جاتا نہین اک حرف یہ کیسا قران ہے
جو آجا لیسے مین تو سب عشق کا سامان ہے
ترا انداز کیا کم آج ہی شکستان ہے
لبس مین یہ حق جون گل یہی گو ہے پید ان
قمر رقاص کا مضمون جیسے ہے یجان ہے
تو انعو مرگ سہلا قبر یہ عشق ہی جان ہے
یہ کاغذ عنبرین ہے تصور ابرسا ہے
نکتی سر و قمتہ ہا نکی تاریستان ہے
شب میں جو یہہ حسرت ہے وہ ویران ہے

پہر آئی وہی جوش خوں اور بیابان ہے
جو کوئی واں گیا وہ آج تک پہر نہیں آیا
ہوئے ختم اس معما سے دماغ بہت سخندان کے
وہ سمجھے مدعا مقصود کو طالب جو ہو سچا
خدا توفیق دے عشق حقیقی کی حریص ہمکو

چشم جام شراب ہین دونون
گو نہیں ہیں تری سوا ہی ہیں
تجھے تو کر ہمکو قتل کریا خوش
آتش ہجر سے حریق اب تو ہا

دل حجاب سخت ہین ویسے پہتر چہپاتیان
تیرے ملک حسن میں ہے آمد شاہ شباب
کیسے ہو سکے او قد موزون کے ہمسر سرو روان
وہ چراغ حسن ہین فانوس محرم میں نہان
دفن کر نازیر نخل نالان رو بار و مجھے
دیکھکر اوس قد موزون کے اندر چہپا تیان
کسو پر حسن جوانی کی ہین یہ دو دنا جو
کیا خوشی ہے اپنے انکو یا خدا چوگل
غیرت ماہ ہے آئینکا نہیں کچھ بیچ حریف

ترے قد بالا کا باندھا جو مضمون
فرنگی کا ہے عشق اب دلمین اپنے
مسیحا سے کب دل دوا چاہتا ہے
کسی کی دل ہے رہتی ہے جو بیکلی سی
شفق پہولی یار کس غضب کی سرخ جپنی
نہیں ہے نام کو بھی خون کا اشک سب بہا ہو
سپرا در جو ہین پیہ نزاکت جو حسن دیکھے

وہی جنت وہی دا تلک چاک گریبان ہے
رہیں کیونکر یہان جان بھی کوئی کیا تاب ضبط ان سے
وہاں یار بہی کوئی مگر اسرار پہان ہے
بھلا آپ ان کا کون رہبر تا بہ عیان ہے
کہ عشق ظاہر ہین تو زبان میں وہ اپنے ہے

انسے عالم خراب ہین دونون
جان و دل ہمرکاب ہین دونون
یہ تو کار ثواب ہین دونون
جگر و دل کباب ہیں دونون

کیا کہ سکی خبر جفا پہ ہمسر چہاتیان
اوٹھتی پہر تعظیم کو اوسکی مقرر چہاتیان
ایسے موقع کی نہیں ہین اوسکے دلیر چہاتیان
کب ہین یہ آسمعر انگیا کے اندر چہاتیان
او مار ہا ہے مجھے اپنی دکھا کر چہاتیان
مانگتے ہین چھپے اب ہم وصنوبر چہاتیان
آج پہر کیسے رکھیں اپنے سر پر چہاتیان
پہولکر کیون ہو گئیں جامہ با ہر چہاتیان
کیا ہوا اگر تمنے لکہیں ہے بہتر چہاتیان

ہمارا بول بالا ہوا چاہتا ہے
یہ کعبہ کلیسا ہوا چاہتا ہے
ترے لب سے قاتل شفا چاہتا ہے
نہ معلوم کیا گل کہلا چاہتا ہے
کہ جس سے چمن گیا رنگ خزان اب کے ہمکو
کرے گی قتل تو تجکو تو کیا تیر ہی گردن
گلہ ان سے سایہ گل او حسن کی نازنین تیغ

ہجوم آہ و اعدا صور کا بہرتا ہے دم آئے
نہیں ہے پہر وہی سے سوا خواہان کسی کی ہم
سبب غنچہ کی توڑا اور گل کی جام لہو کا
کہیں نہ کیون جنت میں بنت مرحبا ہے

یہ جو چشم پر آب ہین دونون
ہم نے دیکہا جو انکی آنکھونکو
وصل میں فکر ہے جدائی کا
دیر میں برہمن حرم میں شیخ

کہو ہے کیسے ہین تیرے دلکے اندر چہاتیان
ہے ہونے سے کمر کی ترے سینہ کا ابہار
یہ نزاکت یہ لطافت یہ بہار اور کہان
ہے شکم تیرا جو بحر حسن تو گرداب ناف
قبہ الماس ہے یاقوت کی ہین یہ کلس
سرا وہاتی ہین کہو وقت ہین ہمکو کر کر
حبب ابہی جاچتا تیری جوش حسن ہم
رنگ میلا او نکا ہوتا ہی جاتا ہے گہوے نسیم
ہے غرور حسن سے آج عرش پر دماغ انکا

لکہا ہے جو ترے کمر کی صفت میں
دل سوختہ کو ہے اب تیری لو
ہوس شاعری کی کہی عاشقی نے
مگر آسمان بھی ہے اس کا عاشق
مسی الود لب تیرا ہنسی ہے برگ سوسن
جو پہر فاتحہ کے نہ آنیکی خبر ہو مجھے
جلایا سنگ نمکین آنکھوں نے مثل شمع ہمکو
کیا ہمر گل کو جا کر گلشن ہمیں سارا

نہیں ہنگامہ محشر سے کم پہر ہجران ہے
صفت تو میرے آگے ایج خوان ماہ کنعان ہے
ترے جانے سے اے گلرو پہ بستر بزم ستان ہے
کہاں اوس شکل پر یکو آجکل تو ہم گلستان ہے

بحر غم کے حباب ہین دونون
نرگس نیم خواب ہین دونون
وصل و فرقت عذاب ہین دونون
تیرے پیچھے خراب ہین دونون

راتدن پہرتے ہین آنکہونمین سما چہاتیان
وہان ہی عنقا کہیان آئی نظر چہاتیان
نارسے کرتی ہین کیوں تشابہ آکر چہاتیان
اور ہین ہمسر حباب او ہمیشہ ہمسر چہاتیان
ٹہنیان رکھتی ہین کب یہ او پہا چہاتیان
کیا اوٹھا انگیا زمین کو اپنے سر پر چہاتیان
ہو گیا انگیا اندر وہ اوبہر کر چہاتیان
جو رکی ہی میں نہیں یہ زیر چادر چہاتیان
پاؤن رکھیں پہر بہلا کیونکر زمین پر چہاتیان

وہ مضمون عنقا ہوا چاہتا ہے
یہ انگشت شعلہ ہوا چاہتا ہے
حریق ابو کیا کیا ہوا چاہتا ہے
نہین تو مرا کیون مرا چاہتا ہے
نگاہ شوخ چنک ہے یہ برق شعلہ افگن ہے
تو پہر کیا کیا او دیکہی اپنی شمع مدفن ہے
ہمیں گر خون کا دعوے ہے تو موسی کے گردن ہے
یہ عرق حجاب ٹپکے ہے اوس گلشن سے

ہمیں وہ زجر اہی یا بس ہے انصاف سے اپنے — کہ لا کہون ہی ہین جو ہن ہگیہ قاتل گردن
بس مر دن ہو اہی عشق سے پہر دل میرا — نہیں آتا کوئی پروانہ میری شمع مدفن
علاج ہجر بتاؤ تو خدا کے لئے — ہمیں تو موت ہی ملی نہیں دوا کے لئے
تیری حیا مزہ کیا کہون کہ دل میں میرے — دہان زخم سے بوسے تیری ثنا کے لئے
تیری رعنائی کا جسکا یہ پڑا تہا سایہ — ای گل اوس جا گل رعنائی خیابان اوگے
عشق میں کہاں تہے جو گل تو بس مر دن ہی — خاک مدفن سے میری سر چراغان اوگے
دیکھیے سادتسب جو سراپے یار کے — نقشے بگڑ بگڑ گئے صبر و قرار کے

دیگر

دیگر

یار ساقی جو نا بگڑے بس یا لا دون کے — نت میں نبکے مرے خوب ہی چھٹے ہمنے
تم بگڑنے میں میری تقدیر ہو — اور سنبہلنے میں میری تدبیر ہو
کون کہتا ہے کہ ہے تقدیر شرط — شرط ہے تقدیر گر تدبیر ہو

دیگر

اوسکے بے دیکھے نہیں ہتی طبیعت میری — ابتو خوبون کی محبت ہوی عادت میری
بے اثر اشک کیئے آہ نے تاثیر نہ کی — مفت برباد ہوئی ہائی یہ دولت میری
زلف گرہی جو ہوا سے تو گئے اپنے حواس — اتنے ہی پہ ہوی برباد جمعیت میری
ایک دامن ہی کو کیا رکہے ہو بیٹھے ناش ش — آگے کیا کیا نہ دکہائیگی یہ وحشت میری
بزرانہ جانے تو تقوی کا آب کیا جانے — نہ پی ہو جسنے وہ قدر شراب کیا جانے
دکہائیں آپنے تن کے چہاتیاں اوسکو — وگرنہ آئینہ او بہرنا حباب کیا جانے
نہ آیا خواب میں تو جسکے اوسکا خواب ہی کیا — نہ سو یا سایہ تو جسکے وہ خواب کیا جانے
حریق سوز جگر ہمزہ ہے عشق بغیر — جلا نہ جسکا ہو دل وہ کباب کیا جانے
ماہ کو دیکھ کے وہ ماہ لقا یاد آیا — چاند کیا آیا کہ خنجر لئے جلاد آیا

دیگر

دیگر

کبہی نہ سجدہ کیا بدگمانی مرے ساتہ — قیام اوسنے کیا بلکہ جب رکوع کیا

نہاں کیوں دانہ ہای سبحہ میں زنار کہتی ہیں — مگر در پردہ عشق میں بت بنج جی طفل برہمن ہی

دیگر

دیکھکر اوس ترک کو کلمہ رکا پڑہنے حریف — ایک ہی دہیا یہان وہ بہی مسلمان ہوگیا

دیگر

جسنے خاک میں خونون کو ملایا ہے بہت — کیا عجب خاک سے گر سنبل و ریحان اوگے

دیگر

مر رہے ہیں ہجر میں دلدار کے — تشنہ لب ہیں شربت دیدار کے
لیکے بوسہ جو جہکے پستاں پر — پہول توڑا تو پہل ہی ہاتہ آیا
رات جو سکہے مزے خوب ہے لوٹے ہمنے — تارہ گلشن کے مزے خوب ہے لوٹے ہمنے

دیگر

بے اثر عاشق کی ہے مستی خراب — عشق ہو تو آہ میں تاثیر ہو
کعبہ میں عشاق کی زیارت کو شیخ — بت نہو تو یار کے تصویر ہو
مر گئے مر پہ ہو کیوں نہ ہو حسرت میری — ہائے کس ناز سے ٹہکراتے ہیں تربت میری
جیتے مہجور رہا مر کے ترے در سے دور — جینے مرنے میں برابر رہی قسمت میری
ایک ہی بات کا پورا ہمیں ملتا ہے جواب — اوسکی لکنت سے بڑہی اور بہی وقعت میری
آدمی کیا کہ فرشتوں کو بہی شک آتا ہے — جب وہ یک ناز سے ٹہکراتے ہیں تربت میری

دیگر

بغل میں جسکے نہو ایک چاند سا معشوق — وہ لطف سیر شب ماہتاب کیا جانے
جسے نصیب نہو لذت وصال صنم — بہلا وہ لذت عہد شباب کیا جانے
صنم سے آنکہوں میں ہوتا ہے حال کا بیان — زبان کے سوال و جواب کیا جانے

دیگر

شب کو محفل میں جو وہ شوخ پری زاد آیا — خواب سے فتنہ اوٹہا حشر کا دن یاد آیا
سیر ہو کر دیکہنے پائے نہ روئے یار ہم — جہلکے لائے نہ تاب گرمی دیدار ہم
حجاب بوسہ نہ آیا کبہی درست اوس سے — ادہر وہ ہوا ادہر میں نے پہر شروع کیا

دیگر

دانستہ چھیڑ کرتے ہین لف دوتا سے ہم
آفت کو مول لیتے ہین کالی بلا سے ہم

پکڑا گیا تو ہاتھہ ہی ہین اوس نگار کے
یہہ ہتکھنڈے ہی سیکھین گے درد خدا سے ہم

نسخہ مین گر لکھے گا نہ تو شربت وصال
مرجائینگے طبیب تو تیری دوا سے ہم

کگرا یہہ تپ کو وہ کہ میری جان پہ آبنی
ہارے مسامنا کے مت ہی وفا سے ہم

کیون امتحان کرتے ہین دل تنگی حریف
یہہ ہٹ جو کہتے تہے ہیں ڈرتے خدا سے ہم

ہر بزم میں ہے ذکر تیری جلوہ گری کا
لیتا ہیں اب نام کوئی حور پری کا

لکھتا ہون جو مین وصف تیری جلوہ گری کا
ہے خامہ کی رفتار مین انداز پری کا

رہتا ہے شب و روز حسینون کا تصور
پہلو مین میرے دل ہے کہ شیشہ ہے پری کا

کیا ہو گی صبا نامہ بری تجھسے ہماری
جب خوف نہین گل کی تجھے پردہ دری کا

یک ذرہ کہتے ہو پہنچا در یار تک صبا
تونے ادا کیے کیون میری مشت غبار کی

تیرے چہرے پہ یہہ دو صاد اونکہون کے
تجھکو خوبی مین جو خالق نے دو جند دیکھا

دیگر

جسنے دیکہا ہے زخم بسمل کا
ہاتھہ دہو بیٹہتا ہے قاتل کا

خط کہان ہے یہہ دو فرد تفسیر
آیت ابروان قاتل کا

خاکساری ہے بسکہ اپنا شعار
عطر بھی گر ملین تو ہو گل کا

دیگر

کب ہین موتی زلف مین دلدار کے
مار زلفین ہین یہہ دندان مار کے

قتل کرتے ہو جہان جاتے ہو تم
کیا چلن سیکہے ہو یہہ تلوار کے

بو ہی گل ہے تازگی سے اونکو یار
خار گل پہنچیں نہ کیون وہ خار کے

کب گل لالہ زمین مین یہ داغ دل
زخم ہین بلبل تیری منقار کے

اجابت آپ دو نیکی اگر ہمکو عطا کر دے
تو جا دیکھتے انکھون سے جہان جی ریا ہیا کر کے

جسنے دیکہا آپری پیکر تجھے مفتون ہوا
جب تو مجنون ایک بیتاب بر بستر مجنون ہوا

سو نور روش شب جو ہم اوسکا مان دیکھکر
ماہ پنہان ہو گیا مہر درخشان دیکھکر

باغ مین غنچون نے تجھے خندان دیکھکر
ہوش بلبل کے اوڑے تجھکو غزلخوان دیکھکر

ہوکے سینے مین خیال لعل ایسے طرح ہم
جیسے رہتا ہے کوئی خواب پریشان دیکھکر

نکہت سے گل کے ناک مین ہے تجھ بغیر دم
اور دلمین ہو رہی ہین خفا ہی صبا سے ہم

آفت ہی تجھہ پہ ڈہائیگی یہہ بے نیازیان
جب دو ادا نہ چاہین گے اس بت خدا سے ہم

لاتی نہین ہے اب جو تیری لف کی شمیم
لڑتے ہین بات بات پہ باد صبا سے ہم

آوارہ دل ہٹر کنے کی کیا کم ہے دستی
عادی جو ہو گئے ہین سگ در سے ہم

دیگر

چلنے کا سلیقہ تہا کہان کبک دری کا
یہہ طرز اوڑایا ہے اوسی کبک دری کا

خوبون نے ستایا ہے یہہ کچھ نامہ برونکو
لیتا نہین اب نام کوئی نامہ بری کا

بازار کی مانند زمانہ ہے او دنیا سمین
انسان کی عمر جیسے تماشا گدری کا

دیگر

میرے ہر درد نے عیسے کو پریشان دیکھا
میرے ہر خواب نے یوسف کو پریشان دیکھا

اسکے تعبیر یہی تہی کہ ہوئے صبحکو قتل
رات کو خواب مین جو خنجر بران دیکھا

ہے جو روشن سواد منزل کا
پردہ اوٹہتا ہے اوسکے محمل کا

کیا جلایا ہے مجکو ہجر کی شب
شمع تہی یا کہ داغ تہا دل کا

سامنے اوس پری کے آئے جو ور
پردہ کہل جائے حق و باطل کا

شمع روتی تہی لوٹتی تہے ہم
تیرے بن تہا یہہ حال محفل کا

مر رہے ہین ہجر مین دلدار کے
تشنہ لب ہین شربت دیدار کے

مار لکھا جسنے زلف یار کو
قیس نکالا اوسنے اوسکو مار کے

بلبلون لطف مین گلزار کے
پہول جہڑتے ہین بالینے یار کے

بعد مدت اوسنے بلوایا تو ہائے
پاؤن ہونے طاقت رفتار کے

اوسکی کسا ہی تجھکو آج مردان مین یارب
مری جینے سے زبان اودہکی بین جہو ہو

سوز سے اپنا نالہ موزون ہوا
کیا قیامت آہ پر تاثیر کا مضمون ہوا

بخت سکندر ہوا اور وہ [illegible]
وہ ہی سکندر ہوا اور وہ [illegible]

دیکھے ہو کر ہی تیغ اوسکی عریان دیکھکر
ہے عجب صد رنگ پہولا برق خرمن

باغبان اوجھی ہی کیون [illegible] جائینگے
مثل رنگ ہو چلے جائنگے بستان

خط و خال [illegible] کا کل [illegible]
نامرد ہوا فہمی مین [illegible]

جان رخصت ہوگئی جب آپ محفل سے اوٹھے / گل ہوی یہہ شمع پھر صبح ہجران دیکھکر
قبا ہے جو تو جھکر گریبان آستین اس / تو میرے حق میں عین خنجر گریبان آستین

دیگر

دیگر

گر نہ ہے میرے آتش غیرت بہی بجہادے / جلتے ہیں اغیار بہی دمے کے اثر سے
وہ دن ہو کہ پہر قاتل بیرحم کو دیکہون / پہر تیغ کا بوسہ لون لب زخم جگر سے
ہے وصل سے محرومی جاوید کا پیغام / خط اوسنے جو لکہہ بہیجا ہے سیمرغ پر کے
ہزارون مرگئے اس آرزو میں / مگر تجہسا کوئی قاتل نہ پایا
خانہ زیور ہے اپنا بہی گہر / جب ہوا آباد غارت ہوگیا
پیر عنقا جو ملے تو لکہون مضمون کمر / چشم عنقا جو ملے تو دہن اوسکا سوجہے
بوسے مانگے تو کہا اوسنے دہن کے بدلے / ہای کس بیدرد قرار میں انکار کیا
یا جب بن میں ترے آنکہون کی پہچان آہی ہے / تنبکہ صیاد وحشت دل مجہکو کہا جاتا ہے
شب وصل آتی ہی رخصت لگی تم مانگنے ہمسے / نہ جانا تہا یہ شر ہوگا تمہارے خیر مقدم سے
دلمین ہی لو نہ شمع رخ کے وصال کی / کعبہ میں روشنی ہے بتون کے جمال کی
تشبیہ اسسے دیتے ہیں ابروے یار کو / اتنو کمان خم بہی ہے ہلال کی
سچ ہے تمہارا بدر کا بجلی کی ہے کمر / اور مانگ کہکشان کے بہی ابرو ہلال کی
تیری کمر میں وہم وگمان کو ہیں دخل / وصف ہے بنا جائز یہہ کہیہ قیل قال کی

دیگر

پہر کسی صورت بہی یوسف کو نہ کہتی وہ عزیز / اگر زلیخا کو دکہا دین یار کی تصویر ہم
عشق میں جو آن کو بہی غم چاہیے حاصل کمال / عشق کی دولت ہوی شیوا زبان عندلیب
عاشقون پر خار کہا کریگا کیا کوئی پہل / باغبان میں ان کر تو شبان عندلیب

دیگر

تمہارے قد کو ہوئی سرو دیکہکر سجدے / تمہارے رخ کو جو دیکہا تو آہی ہوش میں گل
پسند جب ہے اوسکو نہ ہار پہولون کا / ہوسے میں اسکے غلامان شفقت گونہ گل

دیگر

دیگر

ہے جوں زخم دل سی اپنا سارا پیرہن گلگون / اور اشکون سے ہیں پر گوہر گریبان آستین دامن
گل رنگ سرخ سی تیری پسینہ میں عرق بہی / شبنم کہان ہے یہہ عرق انفعال ہے
یہ بہی ہے غنیمت کہ سر محفل اغیار / وہ دیکہہ مجہے لیتے ہیں دزدیدہ نظر سے
بیجرم کیا تو نے ہمیں کشتہ شمشیر / آخر یہہ ملا پہل تیری ابرو کے ثمر سے
چور رنگ نے کیا مشق ستم نے تیرے ہمکو / غمزہ سے اشارہ سے تغافل سے نظر سے

دیگر

گل اوسیدم میں ہوا مثل چراغ سحری / ہای جب زخم جگر سے میری سر کی ہتی

دیگر

پر سرخاب سے لکہتا ہے جواب خط وصل / اسکے یہہ معنے ہیں کہ شب کو نہ ملنا ہوگا
ناصحا منع نہ کر عشق بتان سے مجہکو / میرے سینہ پہ ہی یہہ بس تیر سینہ پہ نہین
جب کمر کا یار کے مضمون رقم ہوچکا ہے / خط مسطر شعر کو راہ عدم دکہلاتی ہے

دیگر

کب ہے شفق یہ وقت سحر آسمان پر / آتش لگی ہوئی ہی تمہارے جلال کی
موہی میان یار کا عقدہ نہین کہلا / ہر چند ہمنے کہال نکالی ہے بال کی
زلف سیہ کو چہونے ہی اندہیر ہوگیا / ثابت ہوئی ہے مجہہ پہ خطا بال بال کی
سنتا نہین ہے کوئی بہی طوطی کی ایک بہی / عالم میں ناخن ہم نے تیری بول چال کی
عاشق تخلص مہاراجہ کلیان سنگہہ خلف مہاراجہ شتاب رای ناظم صوبہ عظیم آباد قوم کایتہ سکسینہ اپنے زمانہ کی مشہور و نامی رئیسون سی ہتے اور اونکی والد ماجد مہاراجہ مہتاب رای بہی بڑے لایق فایق حاتم عصر اور رستم ثانی تہے اونکی سوانح عمری بہت کچہہ تواریخ بنگالہ بہار اور ہندوستان مین درج ہین از انجملہ کسیقدر یہان بہی بنظر یادگاری تاریخ سیر المتاخرین سی اونکا ذکر بطور اختصار کی لکہا جاتا ہے اور وہ یہہ ہی کہ اول یہ حضرت دہلی مین امیر الامرا صمصام الدولہ کے کسی غلام کی یہان محرر تہی پہر رفتہ رفتہ اپنی رشد اور کاردانی سے امیر الامرا کے بیٹے صمصام الدولہ کے مدار المہام ہوے اور جب شاہجہان آباد کی امیرون کا حال ابتر ہوا تو حسن سعی سے بادشاہی دیوانی صوبہ عظیم آباد اور قلعداری رہتاس کی سند لیکر عظیم آباد مین گئے وہان نواب ناظم بنگال کیطرف سے مہاراجہ رام نراین صاحب صوبہ تہے اونہون نے اونکو دخل نہین دیا تب یہ کلکتہ جاکر کرنیل کلایو صاحب سے ملے اور اونکو تحف و ہدایا سے خوش کرکے اپنی کام پر قایم ہوگئے اور پہر سلیقہ اور حسن رسائی تہے مہاراجہ رام نراین کو بہی خوش کرلیا اور اپنی بات بہی بنالی کچہہ عرصہ بعد جناب شاہ عالم بادشاہ نے بہار کی اوپر لشکر کشی کی اور مہاراجہ رام نراین کو عظیم آباد مین گہیر لیا اوسوقت مہاراجہ مہتاب رای بہی کہ اوسوقت خطاب راو سے معزز تہے لشکر شاہی مین شامل تہے مگر محمد جعفر خان نواب ناظم مرشد آباد کے بیٹے میران نے انگریزی فوج لاکر بادشاہ کو شکست دی اور بادشاہ نے جب پہاڑون کی راستہ سے مرشد آباد کی اوپر حملہ کرنا چاہا تو محمد جعفر خان میرن بہی وہان سے بہی اوسکو ناکام لوٹایا تب بادشاہ نے پہر عظیم آباد پٹنہ کو آگہیرا اور مہتاب رای کو پچہلی شکست کی نہایت شرم اور غیرت تہی وہ اس دفعہ نہایت سرگرمی سے لڑائی مین مصروف تہی اور اپنے خاصہ کے تفنگچیونکو آگے بہیج بہیجکر جنگ کرتے تہے لیکن کپتان نکس نے پہر وہان سے کئی کمپنیان تلنگہ اور گورہ کی لاکر پہر بادشاہ کی لشکر کو ہٹا دیا اور بادشاہ نے راجہ سندر سنگہہ اور بہرت سنگہہ کی ملک مین قیام کیا اب خادم حسین خان نام ایک شخص نے بارہ ہزار فوج سے

عظیم آباد کے اوپر چڑہائی کی کپتان نکس پھر عظیم آباد کے بچانیکو آیا چونکہ دمنا پرائی انگریزونکی دوستی اور انکی بہادری کا بہت کچھہ دم بھرا کرتے تھے اور دو سو سوار اور پیادہ دلاور اور چالاک اونکی ہمراہ تھے اسلیئے کپتان نے اونکو رفاقت کی تکلیف دی راؤ نے بکمال کشادہ پیشانی منظور کیا اور فرمایا کہ مین تیار ہون جب آپ سوار ہونگی ساتہہ چلونگا وہان کی آدمیون نے راؤ موصوف سے ہرچند کہا کہ آپ دیوانے ہوگئی ہین جو اس انگریز کے ساتہہ بارہ ہزار سوار سے لڑنے کو جاتے ہو اور یہہ خود دو تین سو سوار سے زیادہ اپنے پاس نہین رکہتا مگر کچھہ نہین سنا اور کپتان مذکور کے ساتہہ لڑائی پر گئے کپتان نے اپنی حسن تدبیر اور سپہ گری سے خان اور اوسکی اتنی بہت کچھہ فوج سے وہ مقابلہ کیا کہ غالب آیا اوس موقع پر وہ شجاعت اور بہادری راؤ شتاب رائی اور اونکی آدمیون سے ظہور مین آئی کہ خود کپتان فتح کے بعد جب کبھی اپنے دوستون اور افسرون سے ملتا تھا دیر تک صاف صاف ثابت قدمی علو ہمتی اور شجاعت ذاتی راؤ موصوف کی بیان کرتا تھا فی الجملہ اس لڑائی سے راؤ موصوف کی لیاقت اور حقوق خدمت کا نقش انگریزونکی دلمین ایسا جم گیا کہ ہر مقدمہ مین اونکا بہت سا لحاظ اور ملاحظہ رکہتی تھے بعدہ میجر کرنیک نے حملہ کرکے بادشاہ کو شکست دی اور پھر راؤ شتاب رائی کو واسطے قرارداد صلح اور ملاقات کی بادشاہ کی پاس بہیجا مگر بادشاہ نے اپنے کوتہ اندیش خیرخواہونکی صلاح سے صلح قبول نکی اور راؤ کو صاف جواب دیا تب اونہون نے لوٹتے وقت عرض کی کہ حضرت اس مصالحہ کو خود چاہین گے اور اوسوقت ایسا موقع اور مفاد حاصل نہوگا کیونکہ ابتو خود صاحبان انگریز صلح کی طالب ہین جسطرح سے کہ بادشاہ کی مرضی ہوگی عہد و پیمانکی شرطین مقرر ہو جاوینگی اور جبکہ بادشاہ کی طرف سے صلح کا پیغام کیا جائیگا تو اوسوقت ظاہر ہے کہ کیا فائدہ ہوگا اور کیا کام نکلیگا آخر ایسا ہی ہوا کہ چندروز بعد ہی بادشاہ نے راؤ شتاب رائی کو بلایا اور صلح کی خواہش ظاہر کی اونہون نے جاکر انگریزونکو اطلاع دی میجر کرنیک جاکر خود بادشاہ کو عظیم آباد مین لایا اور قاسم خان نواب ناظم بنگال سے ملاقات کراکر ۲۴ لاکہہ روپیہ سالانہ بابت خراج تینون صوبہ کی اوسکی اوپر مقرر کی اس اثنا مین احمد شاہ ابدالی مرہٹونکا استیصال کرکے ہندوستان کی سلطنت شاہعالم بادشاہ کے نام مقرر کر گیا اور وہ حسب الطلب نواب شجاع الدولہ ناظم اودہ کے عظیم آباد سے ہندوستانکو روانہ ہوگئے اور راؤ مہتاب رائی بدستور اپنے کام پر عظیم آباد مین رہے بعدہ نواب قاسم علی خان نے کونسل کلکتہ سے اجازت لیکر مہاراجہ رام نراین کو محاسبہ کے بہانہ سے گرفتار کیا اور راؤ شتاب رائی کی اوپر بہی محصلان شدید تعین کرکے بہ بہانہ شراکت مہاراجہ موصوف کی کاوش کرنا چاہا مگر راؤ صاحب لڑنے اور مرنے پر مستعد ہو بیٹھے اور کہلا بہیجا کہ بشرط سختگیری کے مجکو اپنی جان دینے سے دریغ نہین ہے آخر صاحبان انگریز بہادر نے بلحاظ حقوق رفاقت اور حسن لیاقت راؤ صاحب کی اونکو قاسم خانکی شر سے بچاکر اوسکی سرحد سے اوتار دیا اور وہ اودہ مین بذریعہ تہنی بہادر نائب شجاع الدولہ کے پاس چلے گئے کچھہ عرصہ بعد ہی ۱۱۷۷ ہجری مین قاسم خان انگریزون سے شکست کہا کر بدعہدی کمک بادشاہ اور شجاع الدولہ کے پاس بنارس مین آیا شجاع الدولہ نے راؤ صاحب کو بہی اوسکی پاس سوال جواب

کیلیے بہیجا بعد درستی معاملہ کی بادشاہ وزیر اور قاسم خان اور راجہ بلونت سنگہہ والی بنارس بالاتفاق بندیلونکو سر کرکے
انگریزون سی لڑنیکو گئے اور بکسر مین انگریزی قواعددان فوجکی برقندازی سی شکست کہا کر واپس آئے اوسوقت بادشاہ تو
انگریزون سے ملگیا اور وزیر بہر دو دفعہ مرہٹون وغیرہ کی مدد سے انگریزونکی مقابل ہوکر لڑا اور ہر بار لڑائی ہار کر واپس گیا اس اثنا
مین راو شتاب رای انگریزونکی پاس ہتی بینی بہادر کی تحریک سے واسطے مصالح طرفین کے سعی کرتے تہے نواب روہیلونکی ملک
مین فوج جمع کرتا تہا اور راجہ کو لکہا تہا کہ یہان تو مین سامان جنگ کرتا ہون اور وہان آپ انگریزون سی سازش رکہین تاکہ
دونو صوبون (یعنے اودہ والہ آباد) مین بدستور اپکا عمل رہے اسپر راجہ نی راو شتاب رای کو لکہکر اپنی خواہش حکام انگریز
سے ملنے کی ظاہر کی اور راو صاحب نے میجر کرنیک کی منظوری لیکر بعزت تمام راجہ کو بلایا اور میجر سی ملاقات کرائی اور بشرط
حاضر رہنی کی اونکو اختیار حل وعقد صوبہ اودہ کا دلادیا مگر کچہہ عرصہ بعد جب راجہ نے سُنا کہ نواب زیر فوج لیکر انگریزونسی لڑنے
آتا ہے تو کسیطرح ہوسکا لکہنو پہونچکر اوس سے جا ملے اسپر راو شتاب رای نے میجر کرنیک سے کہا کہ راجہ چلا گیا اور مین اوسکا ضامن تہا
اگر اس مقدمہ مین صاحبان کونسل آپ سے جواب پوچہین تو مین حاضر ہون جوابدہی کرونگا اور آپ کی اوپر کچہہ الزام نہ آنی دونگا
صاحب راو کی صفائی سے بہت خوش ہوے راو نی اس سے کچہہ پہلے بنارس کے راجہ بلونت سنگہہ کو بہی انگریزونسی بلاکر اوسکی
ولایت سی چنار کا قلعہ انگریزونکو فتح کرادیا تہا اور چونکہ اب راجہ بینی بہادر کے چلے جانیسے انگریزونکو شجاع الدولہ کی ملک کا بندوبست
کرنا ضرور ہوگیا تہا اسلئے انگریزون نے راو شتاب رای کو بہی اوسکا اختیار دیکر بہیجا اور راو صاحب نے راجہ بلونت سنگہہ کی اعانت
سے دونون صوبومین جابجا عامل اور حاکم مقرر کرکے بخوبی اپنا عمل کرلیا گو کہ وہان پچاس برس سے شجاع الدولہ اور اوسکے
باپ کی جمی ہوئی عملداری تہی مورخ لکہتا ہے کہ یہ ادنی کارگزاری اونکی تہی بعدہ نواح کوڑہ مین پہر انگریز اور وزیر کا
مقابلہ ہوا اور پہر شکست وزیر اور اوسکی مددگار مرہٹون کو نصیب ہوئی اس معرکہ مین یکدفعہ راو شتاب رای تہوڑے آدمیون سے
مرہٹومین گہر گئے تہے قریب تہا کہ مارے جائین اوسوقت اونہونے بڑی بہادری کی اور اپنے ہاتہہ سے خوب ہتیار چلائے اور
اوس معرکہ مین اپنی آبرو رکہہ لی آخر انگریزی فوج اونکی مدد کو پہونچی مورخ لکہتا ہے حق آنست کہ راو شتاب رای واکثر صفات حمیدہ
داشت و در معاصران معزز بود مرہٹے پہلے وزیر کی معاون ہوئی اور احمد خان بنگش والی فرخ آباد کو انگریزونکی ساتہہ
صلح کرلینے کی صلاح دیکر انگریزون سی ملا اور راو شتاب رای طرفین کے سفیر ہوئی اگرچہ وہ دونو کو ہی راضی رکہنا چاہتی تہے
لیکن شجاع الدولہ کی عزت کا خیال اونکو زیادہ تر تہا کیونکہ پہلی راجہ بینی بہادر کی ساتہہ اونکی سرکار مین ملازم رہ چکی تہی
اور اسوجہ سی دوست اور دشمن سبنے اونکو تحسین و آفرین کی آخرش صلح ہوکر یہ بات قرار پائی کہ شجاع الدولہ پچاس لاکہہ
روپیہ فوج خرچ کے سرکار انگریز کو دی صوبہ اودہ مین اوسکا عمل رہے اور شاہ عالم بادشاہ الہ آباد مین رہین اور راجہ بلونت سنگہہ
انگریز کی حمایت مین وزیر کی اطاعت کرے بعد اس صلح کے ہر ایک اپنی اپنی جگہہ کو گئے مگر راو شتاب رای کی خدمت تینون
فریق یعنی بادشاہ وزیر اور انگریزون نے بہی منظور رکہی اور تینون ہی ہرباب مین اونکی صلاح لیتے تہے اور اونکی وسیلے سی کام لیتے تہے

بلکہ وزیر نے بور قوم جواہر بعوض فوج جنیج انگریزونکی پاس رہن کی اوسمین بہی راو صاحب کی معرفت تہی اور چنار کا قلعہ بہی اونکی حوالہ ہوا اور شجاع الدولہ نے بہی بطر مصلحت وقت ایک لاکہہ اور کئی ہزار روپیہ کی جاگیر نواح عظیم گڈہ دہو بنور مین اونکو دی اور انگریزون نے بہی بہت کچہہ عنایت اور تواضع اونکی کی خصوص میجر کرنیک نے جو اوسوقت سپہ سالار انگریزی فوج کی تہے اور اونکو مثل مہاراجہ رام نراین کے نائب ناظم صوبہ بہار کا کیا ۔ کچہہ عرصہ بعد لارڈ کلایو نے کلکتہ سی الہ آباد مین آکر بادشاہ سے تینون صوبہ بنگالہ بہار اور اوڈیسہ کی دیوانی کمپنی کیواسطی حاصل کی اور چہبیس لاکہہ روپیہ خراج کا بادشاہ کیلئے اون صوبونکی اوپر مقرر ہوا اوس عہد و پیمان مین بہی راجہ شتاب رای اور مہاراجہ رام نراین کے بہائی دہیرج نراین شریک تہی لارڈ کا یہ ارادہ تہا کہ راجہ شتاب رای کو معزول کرکے اونکی جگہہ مرزا کاظم خان کو مقرر کرے لیکن بہ نظر حسن سلیقہ و طلاقت لسان کہنہ سی اور حقوق دیرینہ خدمتونکی ایسے حقدار کو محروم کرنا نہ چاہا بلکہ منظور نظر کرکے مرزا کاظم کو جواب دیدیا اوسوقت راجہ دہیرج نراین نے بنظر اپنی استحقاق کی نیابت صوبہ عظیم آباد کی درخواست پیش کی لارڈ صاحب نے کلکتہ مین جاکر فرمان نیابت صوبہ کا تو دہیرج نراین کے نام بہیجدیا اور راجہ شتاب رای کو بنظر اونکی لیاقتونکی اپنے پاس بلوالیا وہ بڑے کروفر کے ساتہہ کلکتہ کو گئے اور وہان ایک سخت بیماری اونکو لاحق ہوی لارڈ صاحب نے ایک ڈاکٹر کو اونکی معالجہ کیلئے مامور فرمایا ڈاکٹر نے وہ اعجاز عیسوی دکہلائی کہ تہوڑی دنونمین وہ مرض مہلک زایل ہوگیا اور راجہ نے دو ہزار روپیہ ڈاکٹر کو انعام دئے بعد شفا پانیکے خطاب مہاراجگی و بہادری اضافہ منصب پنجہزاری سے مشرف ہوی یا پنجہزار روپیہ کا ماہانہ ذاتی علاوہ اون جاگیرونکی جو عظیم آباد مین تہین اور پچیس ہزار روپیہ ماہانہ واسطے اخراجات نظامت کے مقرر ہوا اور راجہ دہیرج نراین و صاحبان کوٹہی عظیم آباد کے شاملات مین کام کرنے اور تینون صوبونکے ناظم سیف الدولہ کی مہر پاس رکہنے کے منصب پر ترقی ہوی اور جب مہاراجہ شتاب رای پیشگاہ نواب گورنر جنرل بہادر سے معزز و محترم ہوکر عظیم آباد مین واپس آئے تو راجہ دہیرج نراین اونکی شراکت سے دل تنگ ہوے اور مہاراجہ نے بنظر امانت و دانائی واسطے انصرام معاملات و انفصال مقدمات کے ایک ایسے مقام کی خاص کرنیکی فکر کرکے کہ جو نہ تو اونکا گہر ہو اور نہ راجہ کا بادشاہی قلعہ کو تجویز کیا اور یہ بات قرار دی کہ صاحبکلان وقت مقررہ پر وہان آکر کرسی پر اجلاس کرے اور کرسی کے روبرو ایک بڑی لمبی چوڑی مسند بچہائی جاوے جسکے اوپر ایک طرف تو راجہ بیٹہے اور دوسری طرف مہاراجہ اور دو بڑے تکیے دونوں کے پیچہے رکہتے تہے اور سارے کاغذ دونونکی دستخط سے مزین ہوکر جاری ہوتے تہے مگر دونونمین اتفاق نہ تہا مہاراجہ کارسازی و حسن سلوک مین راجہ سے ممتاز تہے اور راجہ برعکس اسکے لہذا لارڈ صاحب نے اس نااتفاقی کو ناپسند نہ کرکے راجہ کو معزول کردیا مہاراجہ اکیلے نائب عظیم آباد رہے ۔

ماہ محرم ۱۱۸۰ ہجری مین لارڈ کلایو صاحب نے مع مہاراجہ شتاب رای کے مقام چہپرا مین نزول کرکے شجاع الدولہ سے ملاقات کی اور راجہ بلونت سنگہہ والی بنارس کی صفائی حسب مرضی شجاع الدولہ سے کرادی مہاراجہ شتاب رای نے نیابت صوبہ بہار مین وہ اقتدار بہم پہونچایا کہ عظیم آباد کی کوٹہی کا بڑا صاحب کوئی کام بغیر اونکی صلاح کے نہین کرتا تہا اور صاحبان

کونسل کلکتہ بھی اونکی اوپر اعتماد کلی رکہتے تھے - کچہہ عرصہ بعد مہاراجہ شتاب رای نے بادشاہ سے اپنے واسطے خطاب ممتاز الملک مہاراجہ شتاب رای بہادر منصور جنگ کا اور ماہی مراتب منگوایا اور مثل رئیسون کی آرام اور احتشام کے ساتھہ رہنے لگے اس عرصہ مین انگریزون نے طریقہ ملکداری اور کاغذات دیوانی و طرز تحصیل وغیرہ مروجہ ملک ہندوستان سے واقفیت حاصل کرکے واسطے انسداد خیانت و تعدی اعمال حکام معینہ کے تینون صوبون کو چہہ ضلعون مین منقسم کیا اور ہر ضلع مین علحدہ کونسل مقرر کرکے ہندوستانیونکو بڑے بڑے عہدون سے معزول کردیا لیکن مہاراجہ شتاب رای بدستور عظیم آباد مین نائب سے گو تین انگریز اور اونکی کام مین شامل ہوگئی اور جبتک ان چارون کی رای کا اتفاق نہو جاتا تھا کوئی حکم صادر نہوتا تھا مگر بعد ایکمدت کی جب یہ انگریز تینونکی جگہہ آئے تو اونکی اور مہاراجہ کے درمیان صحبت برآر نہوتی اور اونہون نے بہت چاہا کہ مہاراجہ کو علحدہ کردین لیکن مہاراجہ کی پختہ مغزی ہوشیاری حسن تقریر اور غوض و تامل کے ساتھہ کام کرنے اور کسی خیانت مین آلودہ نہونے سے اونکا ارادہ تمام نہوا بلکہ اونہون نے ممنون احسان اور مستفید اخلاق ہوکر صفائی کرلی مگر چار پانچ برس بعد انگریزون نے ہندوستانیونکی شراکت اپنی کاروبار مین نامناسب دیکہہ کر مہاراجہ کی معزولی کے لئے ایک حیلہ نکالا اور صاحبکلان کوٹہی عظیم آباد کو لکہہ کر مہاراجہ کو حراست مین کلکتہ بلوایا وہان مہاراجہ نے حسن تقریر اور فہم و فراست سے ایسا سوال و جواب کیا کہ کوئی قصور اونکی ذمہ لاحق نہین ہوا اور صاحبان انگریز خصوص مسٹر ہسٹنگ بہادر گورنر جنرل نے اونکو بعد عذر خواہی دلاسا دیکر بکمال جاہ و احتشام روانہ عظیم آباد فرمایا مہاراجہ بعد مدت بلائے گرفتاری اور قید فرنگ سے نجات پاکر عظیم آباد مین آئے گو صاحبان انگریز بہادر نے اوسوقت اونکو خلاع فاخرہ اور فیل و جواہر عنایت کرکے بہت سی استمالت کی تہی لیکن مہاراجہ گہر پہونچنے کے بعد نہایت گلہ مند اور شاکی تہے اور مورخ لکہتا ہے کہ بیشک حق بجانب خود دانست کہ باوجودیکہ چنین حق خدمتہا این خفت بواسطہ مہاراجہ دیدا آخر اسی غم و غصہ سے مرض اسہال مین مبتلا ہوئے اور مدت تک علاج اور معالجہ یونانی حکیمون اور انگریزی ڈاکٹرونکا کرتے رہے مگر کچہہ فایدہ نہوا اوسی اثنا مین لارڈ ہسٹنگ صاحب نے کلکتہ سے عظیم آباد پہونچکر مہاراجہ سے ملاقات کی اور واسطے ملاقات نواب شجاع الدولہ اور سرکوبی راجہ چیت سنگہہ والی بنارس کے ساتھہ چلنے کیلیے فرمایا لیکن مہاراجہ نے بیماری کا عذر کیا اور بعد کوچ نواب گورنر جنرل بہادر کے ماہ جمادی الثانی ۱۱۸۷ ہجری مین اونکا انتقال ہوگیا -

مہاراجہ کے اس مختصر سوانح عمری سے واضح رای ناظرین کنایہ ہوگا کہ وہ صرف اپنی حسن لیاقت اور رشد کاردانی و نیز خوبی قسمت سے کس درجہ سے کس درجہ کو پہونچے تہے اور دفعتاً اس عروج کو پہونچنے والے کی خوارق عادات اکثر نخوت کی حد تک پہونچ جاتے ہین لیکن مورخ لکہتا ہے کہ مہاراجہ ہر چند کہ کمال عروج اور اقبال سے مرجع بادشاہ کا وزیر اور اکثر اقبال عصر کے ہوگئے تہے مگر نخوت اور غرور اونکو کچہہ نہین تہا اور شیرین لفظون اور شریف

زادون سے نہایت تواضع اور فروتنی کے ساتھہ گذر کرتے تھے اور ہر شخص کا مطلب شروع التماس مین معلوم کر کے جو
پورا کر دینے کا لایق ہوتا تھا اور سہولت اور آسانی کے ساتھہ پورا کر دیتے تھے ورنہ عذر شیرین کہہ کر سایل کو راضی کرتے
تھے اور باوجود کثرت کاروبار کے ہر ایک آدمی سے دوپہر دن اور دوپہر رات تک گفتگو و سوال و جواب کیا
کرتے تھے اور کوئی عرض حاجت مین چاہے کتنی ہی تکرار کرتا مگر وہ دل تنگ ہوتے تھے اور کبھی کوئی سخت یا فحش کلمہ
کسینے اونکی زبان سے نہین سنا اور باوجود خود رسی اور ہر چیز کی قدر و قیمت جاننے کے مزاج و تجارت بالکل نہین تھی
ہر جنس کی قیمت جو ہوتی تھی مہاجنون کو دیتے والونکو دیتے تھے اور بخشش مین کبھی دریغ نہین کرتے تھے سلیقہ معاش کا
درست رکھتے تھے ضرورت کی چیزونکو مقامات اور دست سے کہ جہان جنس علی بکفایت ملتی تھی منگواتے تھے اور
اپنے صرف مین لاتے تھے شادیون وغیرہ کی تقریب مین جب آدمیونکی دعوت کرتے تھے تو اونکی دسترخوان پر رونق
اور وسعت مغلون کی سی ہوتی تھی اور آپ ہان حاضر ہو کر مہمانونکو اپنی شیرین زبانی کی چاشنی اور لذتون سے
شیرین کلام اور رطب اللسان کرتے تھے اور شرم و حیا یہانتک اونکی مزاج مین تھی کہ کبھی اونکی کسی ملازم مقربنے بھی
اونکو رام جنی کے پاس آتے جاتے نہین دیکھا کہ جسکو وہ نہایت لطف اور الفت کی ساتھہ رکھتے تھے بلکہ کوئی اتنا
بھی نہین جانتا تھا کہ کسوقت اندر گئی اور کسوقت باہر آئی اور اپنی بی بی سے جو مان راجہ کلیان سنگھہ اور بہوانی سنگھہ
کی تھین کچھہ سروکار نہین رکھتے تھے انکے لئے ایک علحدہ مکان اپنے مکان کے کچھہ فاصلہ سے بنوا دیا تھا اور سال بھر
مین دو دفعہ کہ جو ایام معینہ سے تھے انکے پاس جاتے تھے لیکن اوسی طرح کہ کم کسیکو خبر ہوتی تھی اور اکثر آدمی جو اول انکے
ساتھہ عداوت رکھتے تھے اور پھر جب انسے رجوع لاتے تھے تو وہ سینہ سپر ہو کر اونکی حمایت مین کوشش کرتے تھے
اور جو کوئی کہ غنا جہان آباد سے آتا خواہ وہ اونکی جان پہچان کا ہوتا یا نہوتا اوس سے بہت تواضع اور فروتنی کرتے
تھے اور اوسکا مقصد روا کر دیتے تھے شیخ شرف الدین محمد جو ایک بوڑھا آدمی مکہ کے غیر لقوں سے تھا اور ہندوستان کی دولت
شہرہ سنکر اپنے فائدہ کیواسطے اسی برس کی عمر مین یہان آیا تھا اور قریب پانچ سال کے مرشد آباد اور ہوگلی مین رہا
اور باوجودیکہ ناظم اور نائب وہ لوگ مسلمان تھے مگر کسی نے اوسکی خبر نہین لی تو وہ ناچار عظیم آباد مین آیا اور اوس کے
افلاس کا احوال کسی تقریب سے مہاراجہ کی محفل مین مذکور ہوا مہاراجہ اوسکے پاس گئے اور بعد ملاقات وعدہ ضیافت
لیکر واپس آئے اور شام کو ایک تکلف مسند کو جو تیوہار ونکی تقریب مین مہاراجہ کیواسطے بچھائی جاتی تھی بچھائی گئی
اور مہاراج خود چار گوشہ سفید پر بیٹھے نامبردہ معہ نماز جب ہمراہ مولف سیر المتاخرین کے آیا تو مہاراج نے تعظیم
کر کے اوسکو بٹھایا شیخ نے اونکی اخلاق سے خوش ہو کر فرمایا کہ جو اخلاق تمکو حق تعالی نے بخشا ہے مین دعا
کرتا ہون کہ تمام مسلمانونکو عطا فرما دے مہاراج نے اونکی اشفاق کا شکر اور مع اپنی نالیاقتی کا عذر کر کے وقت
رخصت شالین کمخاب اور چھینٹونکی تھان وغیرہ پیش کئے اور نقد روپیہ پاس ادب سے روبرو دینا مناسب دیکھکر

ایکہزار روپیہ تہی ایک معتبر کے ہاتہہ اوسکے گہر بہیجدے ایک دفعہ ایک شخص مہاراج کے جانب یمین الدولہ سے جواب راہی
رایان ناگرمل دیوان خالصہ بادشاہ ہندوستان کے مقربون مین داخل تہا گیا جی کے جاترکرنیکو عظیم آباد مین آیا اوسنے رخصت
کیوقت رای رایان سے کہ جو بڑے بڑے امیرون وزیرون سے برابری کا درجہ رکہتا تہا ایک سفارشی خط مہاراجہ کے نام کا چاہا ناگرمل نے
کہا کہ وہ ہمکو بہی جانتے ہین اور خالی مروت سے نہین ہین اور اسبات کو ہماری فرقہ کے لوگ موجب اجر اور ثواب کا جانتے ہین
سو تمہاری نسبت کوئی قصور نکرینگے اور میرا لکہنا شاید اس بارہ مین کچہہ خلل ڈالے کیونکہ جو القاب مین اونکو درجہ کی رعایت
کیجاوی تو میرا نفس قبول نہین کرتا اور جو اونکی بہائی درجہ کی بموجب لکہا جاوے تو اونکا نفس گوارا نکریگا اور رنجیدہ ہوجاینگے
کیونکہ اب اونکا سر آسمان سے باتین کرتا ہے چونکہ مہاراجہ شتاب رای ہر ملک اور ہر شہر کے حکام و اعیان کا حال دریافت کرنی مین
مثل ہوشیار سفرا کی نہایت مبالغہ رکہتے تہے اور جا بجا ہر ایک بڑے آدمی کی رازدار کو معقول درماہہ اور سالیانہ مقرر
کرکے اسبات کی اوپر مامور کر رکہا تہا کہ جو کوئی بات یا خبر کہ لایق تحریر یا اطلاع کے ہوا کرے بے کم و کاست لکہکر اونکی
وکیلونکی حوالہ کر دیا کرین اور اسوجہ سے ہر جگہہ کی خبر صحیح اور درست اونکی پاس پہونچا کرتی تہی ویسے ہی یہ خبر بہی بعینہ اونکو
پہونچگئی تہی اور جب وہ شخص آیا تو بعد ملاقات مہاراجہ نے کہا کہ آپ جیسا شخص تشریف لاوے اور رای رایان صاحب ہمکو
دو کلمہ سے بہی یاد نفرماوین بڑے تعجب کی بات ہی اوسنی جواب دیا کہ مجکو بہی آپکی خدمت مین نیاز حاصل تہا کچہہ حاجت
اوسکی نہتی شتاب رای نے کہا یون نہین ہے چونکہ وہ بہی مرد ہوشیار تہا اسلئے سمجہہ گیا کہ یہ اصل مطلب سے واقف ہین اور بولا کہ مہاراجکا
خود ظاہر ہے کچہہ حاجت استفسار کی نہین ہے مہاراجکے بعض مصاحب مثل راجہ جنیالی رام و میر قوام الدین خان جو حاضر تہی اس
معمہ کو نسمجہے اور اوسکے جانیکے بعد مہاراج سے پوچہنی لگی تب مہاراج نے وہ سب حال جو اخبار سے معلوم ہوا تہا اونسے ذکر کیا اور
کہا کہ اسکا تدارک بہی مین بخوبی کردونگا اس بات کو بہی کوئی نسمجہا کہ کیا کرینگے غرض جبکہ وہ شخص رخصت ہو مہاراجنے اوسکے
لایق اوسکی تواضع کرکے ناگرمل دیوان کے نام باوجودیکہ اسسے کسی قسم کی غرض اور امید نہین تہی عرضی کمال ادب و فروتنی کے
ساتہہ لکہی اور ہدیہ تحفے دس ہزار روپیہ سی زیادہ کی قیمت کی مثل عطر اگر و اقمشہ لباس سفید مخصوص بنگالہ دیتا ہاتہی دانت
کے پایہ پلنگ فرنگی گہڑیان بلور کی شمعدان و بڑے بڑے آئینہ اور دوسری نوادر اشیا چین اور فرنگ کے اوسی شخص کے
ساتہہ بہیجے ناگرمل مہاراجکی گفتگو سنکر اور وہ سلوک دیکہکر عرق انفعال مین غرق ہوگیا اور بہت سی عذر خواہی لکہی اور اپنی
محفلونمین مہاراجکی ثنا و صفت کرکے کہا کرتا تہا کہ اس عزیز نے فرط ہوشیاری اور تمیز سے باوجود بعد مسافت کی ہمکو
بیغایت خجالت دین۔ ایام بلاے قحط و غلا مین جو اواخر ۱۱۸۳ ہجری سے اواسط ۱۱۸۴ ہجری تک سختی
کے ساتہہ پہیلی ہوی تہی مہاراج شتاب رای نے تمامی خیرگی اور نیکنامی کے واسطے عمل مین لاکر عاجزون اور مصیبت زدونکی بخوبی
غمگساری کی تفصیل اوسکی یہ ہے کہ جس سال مین کہ یہ بلا حادث ہوی بنارس مین کسقدر ارزانی غلہ کی تہی مہاراج نے
تیس ہزار روپیہ اسکام کے واسطی مقرر کرکے فرمایا کہ جو کشتیان کہ ملوک ہین اور جو کہ ملاحونکی نوکر ہین وہ ایک مہینی مین

بتین وقعہ بنارس سے غلہ خرید کر لایا کرین چنانچہ جب غلہ عظیم آباد مین پہونچتا تہا تو محتاج آدمیونکو خرید کی نرخ پر بلا حساب اخراجات
کے فروخت کرتے تہی اور جو لوگ خرید نہین سکتی تہی اونکو تین چار جگہہ مثل باغون احاطہ وار وغیرہ کی اندر قیدیونکی طرح محفوظ
رکہکر ہر جگہہ علیحدہ عملہ معہ داروغہ اور پیادون وغیرہ کی مقرر کر دیا تہا جو اون لوگونکو پختہ اور خام طعام معہ ظروف گلی و ہیزم
سوختنی و افیم تمباکو و بہنگ کی تقسیم کیا کرتے تہے اور ہر ایک کو کچہہ کچہہ کوڑیان بہی اس غرض سے دیا کرتے تہے کہ جو ضروری
چیزین خرید لی ہو خرید لیا کرین یہ حال دیکہکر انگریز اور ولندیز بہی ایک ایک احاطہ مین مسکینونکو ٹہرا کر کہانا کہلایا کرتی تہی
اور اسطرح سے بہت سی مخلوق ہلاکت سی بچگئی اور مرشد آباد مین اسطور کا کوئی کام کسی سی نہین بن آیا اور ہر سال ولایتی
میوی میوہ فروشون کی ذریعہ سے منگوا کر انگریزون اور بنگالہ کی رئیسون کیواسطے بہیجا کرتے تہے اور دو تین بار عظیم آباد کے
مشہور اور بڑی آدمیونکو بہی دیتے تہی اور جب دیکہا کہ اس صورت مین عام لوگ محروم رہجاتی ہین تو کچہہ روپیہ معمول سی سوا
میوہ فروشونکو مقرر کر دیا کہ وہ اسکا بہی میوہ لا کر بازار مین واجب قیمت پر بیچا کرتے تہے اور جو بکنے سے باقی رہجاتا تہا
اوسکو وہ خرید لیتی تہے تاکہ میوہ فروشونکا نقصان اور خرید و فروخت بازار کا باب بند ہو پہر چند اشخاص قوم مرائی
کو جو لاہور اور شاہجہان آباد مین مشہور میوہ فروش اور پہلدار درختونکی لگانے والے تہے روپیہ بہیجکر بلایا اور عظیم آباد
مین ٹہرا کر حکم دیا کہ جہان جو زمین جس میوہ کی لایق دیکہین اوسکو بووین اور اس کشتکاری سے جو میوہ پیدا ہوتا تہا مہاراجہ
صاحب اوسکو عام آدمیونکی واسطی بہیجتے تہے مورخ لکہتا ہے کہ انگور خوب اور نیشکر نہایت ملیا اور بالیدا اور شاہجہان آباد
کیلے اونکی عہد سے عظیم آباد مین جاری ہوئے اور اب بافراط بازارون مین فروخت ہوتے ہین انگور خوش مزہ بہی کبہی روپیہ کا
تین سیر کبہی ڈہائی سیر اور کبہی ڈیڑہ سیر باغون سے ہاتہہ آتا ہے۔))
مہاراجہ کا انتقال ہوا جب نواب گورنر جنرل بنارس مین تہی وہان سے کوچ کرکے عظیم آباد مین آئے اور اپنی بدنامی رفع
کرنیکو اسطے کہ "تا بانشا پائی کینہ مظنون مردم نگردد" مہاراجہ کلیان سنگہہ کو عین شباب مین اوسکے باپ کے
کا منصب بامو فرمایا اور جاگیرات درماہہ بدستور بحال رکہکر اوسپر کچہہ اضافہ مہاراجہ متوفی کی رانی صاحبہ کی لئی بہی ازاد کیا
مگر پچیس ہزار روپیہ درماہہ نظامت کا اختیار اونسی موقوف کرکے کونسل والونکو دیا مگر مہاراجہ کلیان سنگہہ مثل اپنے باپ کے
ضابطہ جز درس اور معاملہ فہم نہ تہے اور اس سبب سے کونسل والے اونکی اوپر غالب ہو گئی اور وہ کونسل مین کچہہ اختیار نہین
رکہتی تہے چند سال بعد سنہ ۱۱۹۲ مین راجہ خیالی رام نے جو اول مصاحب مہاراجہ شتاب رای کی تہے اور بعدہ مستر سنگ
صاحب کلان کوٹہی عظیم آباد کی پاس رہتے تہے نواب گورنر جنرل بہادر کی پاس کلکتہ مین پہونچکر صوبہ کی ابتری اور
عملہ جدید کی تعدی و رعایا کی پریشانی کا حال اس حسن تقریر او طلاقت لسانی سے بیان کیا کہ نواب گورنر بہادر نے اونکی
تمام معروضات کو منظور کیا کہ صوبہ بہار کا کل اختیار اونکو دیدیا اور اونہون نے بنظر حقوق مہاراجہ شتاب رای اور تائید مہاراجہ
کلیان سنگہہ کی مدار المہامی کی سند مہاراجہ موصوف کی نام لکہوائی اور سنہ ۱۱۹۵ مین کلکتہ پہونچکر مہاراجہ کی اتفاق سے

کام نظامت کا شروع کیا اور کونسل موقوف ہوکر خلق ایک حکم کی جاری ہونی سے آسودہ ہوگئی لیکن مہاراجہ کلیان سنگہہ نے راجہ خیالی رام سے باوجود ظہور ایسی خیرخواہی کے بھی ناخوش ہوکر نواب گورنر جنرل بہادر کو شکایت کی عرضیاں بھیجیں مگر نواب اپنے وقت کی ارسطو تھی اور راجہ خیالی رام کی عقل اور سمجہہ دیکہہ چکے تھے اسلئے اونہوں نے مہاراجہ کی تحریر کا خیال نکر کے اونکی نیابت کا اور تمام کاموں کی مدار المہامی کا خلعت راجہ خیالی رام کو بھیجدیا اور اونکی ذریعہ سی عرصہ تک صوبہ بہار مین مہاراجہ کی مہاراجگی قایم ہی یہہ مہاراجہ علم و فضل اور کئی زبانوں کی مہارت مین بڑی لایق اور صاحب استعداد تھے چنانچہ ہر زبان مین صاحب دیوان ہین اور مثل اپنے باپ کی وہ بہی شوق تعمیر آبادی اور رفاہ عام کا رکہتی تھی چنانچہ قصبہ بکرم جسکو نواب قاسم خان ناظم بنگال نے ویران کرایا تہا مہاراجہ نے اپنی عہد مین پہر آباد کیا اور علم کو بہی اونہوں نے ترقی دی تہی اور یہہ بہی سُنا ہے کہ چند کتابین بہی اونہوں نے تصنیف کی ہین لیکن راقم کے دیکہنی مین ایک بہی نہین آئے اور نہ کوئی کلام باوجود تلاش کے ہم پہونچا تب ناچار یہی ایک شعر جو تذکرہ سراپا سخن سے ملا تہا تبرکاً یہان درج کیا جاتا ہے

انگو دیکہا ہے جا اِدل سخن پہلو مین	مسیحا بہی جگر کی خنجر کا سا شور پہلو مین

عاشق تخلص گہمنڈی لال خلف منشی کیول کشن قوم کایتہ سکنہ شہر حصار ملازم ریاست جی پور ایک ذی استعداد منشی اور شاعر ہین اور زیادہ تہ فارسی کلام کہتے ہین۔

عاصی تخلص گہنشام رائے ولد منشی مول چند مصنف شاہنامہ اُردو قوم کایتہ ماتہر شاگرد شاہ نصیر صاحب دیوان غدر کے بعد انکا انتقال ہوگیا فی البدیہہ شعر کہتے تہے انکے صاحبزادہ منشی لعل بہی شاعر ہین۔

تیغ دو دم کو دیکہتی اور ہمکو دیکہیے دیا تہا ہاتہہ سے دل نہ ہمین پایا پایا نہیے	ناک آپ اپنی ابرو کی خم کو دیکہیے تری شوخی نظر آئی ہمین چشم غزالان سے	صدائے خانہ زنجیر سی ویرانہ رکہو پُر چلو پہر ہی پا مین گرہ بہر و چہل سے	تری کاکل کی سودائی سدا آباد جنگل ہے فوارہ کا سا حوصلہ اتنا نہ کہتی تنگ

عاصی تخلص لالہ سالگ رام ناظر عدالت فوجداری لکہنو۔

	بسان شمع رہا اشکبار صحبت میں	ہنسا کئی وہ قفل سوبستی اور تین بہر

عاصی تخلص منشی جمعیت رائے نائب سررشتہ دار عدالت فوجداری فرخ آباد خلف لالہ کیسری داس باشندہ اوگر پور

	کہلوا ہند غیر سی کہتی نقاب کے	پانی دسرنج رشک کیونکر نہو دل مرا

عاصی منشی مہتاب رائے ملازم مطبع اودہ اخبار لکہنو۔

مدتکی بعد آیا نظر لامکان مجہے لوگ کہے بدلی دیتی ہین دگالیان مجہے	دلمین سراغ نور رخ یار کا ملا بس فرق یہی ہی عاشق و معشوق مین سی فرق	لیتی فرشتی ہے آئے کہان سے کہا مجہے نرغوب گور نشت سے ہی سو تنہا ان مجہے	اللہ رہی تیری ترے کشتہ کی اے صنم رکہتا ہون دوست ایسے سگ کو بھی یار کو

عاصی تخلص منشی طوطا رام قوم کایتہ سکسینہ شاہی میر منشیون کی قدیم خاندان سے ہین جو دہلی سے لکہنو مین آیا اور علم و فضل مین مامور رہا یہ صاحب بڑی خوش فکر اور خوش گو زبان فارسی اور اردو کی تہی اور صاحب دیوان

منشی سیدہو لال زار انہیں کے شاگرد تھے ۔

عاقل تخلص لالہ مکھن لال اہلمد عدالت کلکٹری ضلع الہ آباد

بے نشانی اس چمن میں ہے نشان عندلیب	شہپر عنقا ہے جو ہے آستان عندلیب	ہو گلستان جہاں میں عاقل ہیں سخن	ہم صفیر و ہم نوا ہم داستان عندلیب

عبرت تخلص دولت رام قوم کایتھ ابن رای ہیرا لال ساکن شاہجہان آباد محلہ کوچہ بلاقی مرد معقول مقلد کی پیشہ شاہ نصیر و شیخ ابراہیم ذوق کے شاگردوں میں تھے سنہ ۱۲۵۹ ہجری میں انکا انتقال ہوا شاہ نصیر کے نواسہ عبدالرشید بشیر نے عبرت جنیر تاریخ لکھی ہے ۔

سخت جانے تو نہ شمشیر کیا قاتل نے کم ہر دم صبا ہی طلب ہو زلف یار	وقت کشتن پھر گیا منہ یار کی تلوار کا لڑتی ہیں پا تا تیہ اب تو ہو آہ ہم	رو سیاہی گو اوٹھائی سبھی نے ہیں بہت کون سا ہے وہ پر دو کہ جسکی تم عبرت	لیک ما شد کنیں نام نہ یار چمن گیا دیکھی مال الیسی ہی بہری ہو کوئی

عزیز تخلص بہیکہاری لال ایک خوش باش اور خوش معاش شخص خواجہ میر درد کی شاگردوں میں سے سنہ ۱۱۹۶ ہجری میں الہ آباد میں تھے ۔

بات اب امتحان پر آئی آرام وصل و ہجر میں ممکن نہیں ہے ایسا ہے لعل لب کا تیری یار سنگ سرخ	عقدہ کو تاہ جان پر آئی یوں ہی ہمیشہ مضطرب ہی زندگی رہا ہوں یاقوت جسکی گی لگی پاک سنگ سرخ	ملتی نہیں پکر بہلا اوس شوخ طفل کو اب ہجر میں تو حسرت دیدار لی ہی جی کری نہ پیار کر دل کو صاف کینہ سے	کرتے سو جو کی ہی تصویر جاں کی جب وصل تہا تو کشتہ تیغ نگاہ تھی عزیز موت بہلی پھر تو الیسی جلنی سے
	جو دم کر اوٹھا ہو وہی تیر ہوا تی	جو سانس کی پلٹی ہو وہ بر چھی آئی	

عزیز تخلص شیونا تھ دہلی کے مہاجنوں سے تھے ۔

	لیا دل آنکھ میں ادا ہی اس کو تھی	کیا بیگانہ سب سے آشنا اس کو تھی	

عزیز تخلص مہاراج سنگھ قوم کایتھ شاگرد شاہ نصیر انہوں نے اپنی استاد کی متفرق کلام کو جمع کر کے کتاب کی صورت پر مرتب کیا اور خود بھی شعر اچھا کہتے تھے ۔

اتنا تو ٹک اے چشم طوفاں کی بہتی ہیں تم ہوا نہ معاف و آئینہ روکسو سمجھے جام میں گلرنگ سے واقف نہیں شناخت	اشک کا ہر قطرہ اپنا دامن چھوٹا ہوا سلسلہ ہمارا بطرفت اوسی غبار رہا غنچہ کی طرح بیٹھی میں خون جگر اپنا	اوس چمن کا ذکر جو آئے اے موج نسیم بہلی ہی کہتے تھی ہم اوس نگہ مست کو لیتے نقد دل کبھی ایک بوسہ بھی	غنچہ لالہ سحر کہا ہیکو جو افیون ہوا قبہ کا فوارہ یہ سحر کا دنبالہ ہوا ای عزیز اوس مفت پر سی کس طرح اپنے
	ضعف سے رگ تن جسکی ہو تار بستر	کیونکہ بستر سے بیمار اوٹھے ویسا ہے	

عزیز تخلص دیبی پرشاد بن لکھن لال باشندہ شاہجہان آباد مقیم فتحگڈہ ۔

	آتا ہے یہی شام جلا ہمیں سے آکام	ہر داغ دل چراغ ہے شب ہائے تار کا	

عزیز تخلص منشی کنور سین خلف منشی مدہی لال کایتھ دہلوی شاگرد ذوق مدرسہ دہلی میں مدرس تھے اور سنہ ۱۸۰۱ عیسوی

عازم ملک بقا ہوئے اونہون نے سعدی کی گلستان کا حاشیہ اردو مین لکہا ہی اور ایک شعر اونکا حضرت نا.. لی لکہا ہے

بزم عشاق مین تو رنجش بیدسر نہ کہیچ
بانکو طول شب وقت مختصر نہ کہیچ

عزیز تخلص رام سہائے قوم کایستہ سری باستب سکنہ لکہنؤ راجہ بلاس رای کی عزیزون ہی مولوی احسان اللہ ممتاز کی شاگرد تہے اور مشاقی نظم و نثر فارسی مین بقول حضرت جوہر اتنی اوستادی بڑہکر تہا بد اردو بہی کہتی تہی مگر ہمکو کوئی کلام اونکا نہین ملا۔

عزیز تخلص منشی تلسی رام سلطانپوری انکی بنائی ہوئی ایک مثنوی مخزن العشق نام مطبع کوہ نور لاہور مین ..... ہجری مین چہپی ہے نظر سے گذری اور یہہ چند شعر اوس سے منتخب ہوے۔

ایک درویش مرد حق آگاہ
باغ عالم مین سرو سا آزاد
شوق تہا اوسکو رو دلکش سے

نام رکہتا تہا اپنا بالا شاہ
نام مولا زبانپہ از بر یاد
شاد ہوتا تہا صوت خوش سے

طبع آزاد سرو بالا تہا
کام رکہتا تہا عشق بازی سے
عشق کی دلمین اضطرابی کی

نام مین جوہر دو بالا تہا
کیا حقیقی سے کیا مجازی سے
خانہ صبر کی خرابی کی

تہا فقیر لکا یہی ایک لٹکا
دلکو رکہتا تہا عشق سے اٹکا

عشاق تخلص اگلے زمانہ کے ہندو شاعرون سے ایک صاحب کا ہے۔

سر سبز خط سی اوسکے حسن کا
آخر خزان نے کچہہ نہ اوکہاڑا بہا کا

عشرت تخلص پنڈت ہوشیار سنگہہ برہمن قنوجیہ سکنہ میرٹھ سنہ ۱۸۶۱ء مین اونہون نی دو ایک غزلین لکہی تہین اور حکیم غلام مولی قلق سے اصلاح لی تہی پیشہ امانت و دیوانی وقانون گوئی و نقشہ نویسی وغیرہ کی نوکریان کی ہین مگر اب انگریزی دوا اون کی دوکان میرٹھ مین کرتے ہین۔ یہہ شعر اونکا گلاب سنگہہ مشتاق نے بہیجا تہا۔

ایک جرعہ مین تشنگی کب ہے ساقی
پی جائین جم کی جام و سبو اور خم

عشق تخلص پسر جو من لال پسر لالہ جوالا پرشاد کایستہ سکینہ سکنہ لونک۔

ڈہونڈ ہتے ہین سب اسکو حضر سکندر کہان
اب عاشقو تمہیں کو کافی ہی چین دل
ڈہونڈہتے ہین سو سختہ کو تر کہان
اب حیات ہمکو لب یار سی ملا

عطارد تخلص راجہ بالکرشن اونکا حال معلوم نہوا ایک مثلث اونکا حضرت ظفر کی غزل پر دیکہنی مین آیا تہا اوس مین سے چند بند ہیں

تمہاری عاشقی مین نفع سمجہے یا نقصان کو
بہت حیران ہوا ایک ہی خانہ دل یا گہر ہی ہا لر
کریگا کون پہر اس مین ہمارے آہ دل جو لگی

جلا یا آپ ہی ضبط کر کی آہ سوزان کو
جگہہ کس کسکو دون دلمین سمایا تہو نگی یقال
نہو جب تو ہی اپنے ساتھ جلا پہر کیا کرتے

جگر کو سینہ کو پہلو کو دل کو جسم کو جان کو
کٹا یا کو جہر یکو پانک کو خنجر کو پیکان کو
ہلو کو ابر کو گل کو چمن کو صحن بستان کو

علم تخلص منشی چندی سہائے خلف لالہ ٹہاکر پرشاد ساکن الہ آباد محرر بندوبست ضلع غازی پور سنا کی ایک غزل اشتے دیو کی نہدن صاحب نے میرے پاس بہیجی تہی اوسمین سے یہہ شعر منتخب ہوے۔

اوس یار دشنہ خو کا کہا و حصل ہمکو
سلطان ہی مخاطب یہی تو تمنا
وہ ہی ہے تر لقب عین کلام تیکی بلند
تہا ہی تنگی مضمون جو میر فکر رسا ہے

منہ سرخ ہے ابرو ہیں چڑھی بد ہیں تیور | آتی ہو نظر تم بھی کچھ آج خفا سے
جان آگئی ہے باعث کی لبون پر | از راہ کرم کچھ تو دو آئے دعا سے

عمدہ تخلص لالہ جیتا رام کشمیری برادر راجہ دیا رام پنڈت مقیم دہلی شاگرد انعام اللہ خان یقین۔

پھر نا یوت پر چلت ہی ہوتی جاکر | کہ پھر نعش رہ وہ پھر گال بدم نہ کچکا
خراب مجکو نکر جان آشنا کہکر | برا کرے کسو سی کوی بھلا کہکر

عندلیب تخلص لالہ گوبند سنگھہ دہلوی مصنف قصہ گل و عندلیب شاگرد امیر حسین خان بسمل بالفعل کلکتہ مین رہتے ہین۔

عرش سے فرش تلک فرش سے افلاک تلک | جسطرف جا کے نظر جلوہ اوسکا پایا

عیاش تخلص جیا لی رام کایتہ باشندہ دہلی شاگرد شاہ نصیر۔

جام ہے ہاتہہ میں اور شیشہ مے زیر بغل | نہیں عیاش کو اب غم خرابی ہوش

عیاش تخلص رگہنات رای مولف چمنستان بہار شاگرد نواب عاشور علیخان بہادر۔

کل میان صبح سے یان آئیگا | شام ہلکی پھر کے چلی جائیگا

عیش تخلص جوالا پرشاد ہلد پولیس فرخ آباد بن لالہ کالکا پرشاد۔

کچھ دور نہین غیر سے چلکر جو آئیں | بیٹہے ہین جالاک ہین کیا کر نہین آتا
کسکی قسمت کا خدا جانے ستارا چمکا | ماہ پرواز کہان انکو مہمان ہے
سلسلہ گیسو جانانکا جو تمنے چھیڑا | ہتکڑی ہاتہہ میں ہے پاؤن مین زنجیر پڑی ہے

عیش تخلص رای عزت سنگھہ دہلوی قوم کایتہ اول دفتر خالصہ شیر لفنہ بادشاہ دہلی مین منشی اور بعدہ پروانہ نویس کچہری کلکٹری ضلع دہلی مین ہے مرد خوش خلق علوم ضروری سے آگاہ اور فنون سخنوری مین صاحب دستگاہ تھے فارسی مین اصلاح مولوی امام بخش صہبائی سے لی اور اردو کلام شاہ نصیر کو دکہایا مگر غدر کی بعد ایک مسلمان عورت سے دل لگا کر مذہب کہو بیٹھے اور پھر نوکری بھی خاطر خواہ نہ ملی آبکاری کی مخبری کرتے کرتے مر گئے یہہ چند شعر اونکے ہین۔

جان و دل ریزہ ہے ہی چشم پر آزار کا | دیکھکر ہے تیغ دل چلتا ہے جون بیمار کا
ہے جبتک کے نہ تھی تہا زمین شور محشر کا | اٹھی گی کیا خلق اے اٹکا ہی یار ابھی ہے
تہولیت وہ بلند دہر غافل تو نے تم | کہین نہ کہین سر راہ ہموار ادھی ہے

عیش تخلص منشی پیارے لال سہارن پوری شاگرد معتم۔

دیکھی قیس بھی یاد ان استاد آیا | کیسکو جانے ادہا لتی بیابان بات
بتو تم اس بہو لی پر تو بہ ہو | حیا کی سنکی میری اوچھی فریاد آیا
کہ جان جانکے یہی مگر ہماری بات | ہو وہ دن کہ حسن ان تم خدا ہو
شہر خرو بار ہے ہو امین مجھ عاشقین | کہان نہ ہے کہان حجرہ ہین کہنی کو
لیگئی شب جو شمیم لف پیرہن | یہہ احسان ہے تمہارے خنجر خونخوار کا
شاگرد میری صبا یہ دور کی باتین | مجھ سے یون کہی ہے شانہ وہ صبا تہی تیرہ

غافل تخلص رای سنگھہ دہلوی حسابدانی مین یکتا ہے۔

وصف کرتا ہی اون لبونکا جب | غافل اوسوقت لعل اوگلتا ہے

غافل تخلص پنجاب سنگھہ سکنہ مراد آباد مقیم آگرہ صاحب کسیر تہے اور آگرہ کی بہت سے آدمیونکو اونسی فیض پہنچا تہا میان

بسمل و مشکل و میر تراب علی عادل انکے شاگردوں میں ہیں ایک دیوان اور ایک مثنوی ہر سہ اون سے یادگار ہے۔

بیمار عشق کی نہ دوا ہو طبیب سے / مرجائے یا جئے کوئی اپنی نصیب سے

صاف کرتا ہا مجھے ہجر میں تلوار کی طرح / اوٹھکو پکڑے نہ کسو میرے ہجر خونخوار کی تہ

سمجھا ہو گا نہ کوئی یار وفا ایغافل / کہ مری خاک سے بھی بوے وفا آتی ہے

غالب تخلص لالہ خوشی رام ولد منشی گنیشی لال قوم ڈھوسر مہتمم اخبار جلوہ طور میرٹھ۔

آغوش تصور ہی میں آجاؤ تم اے شوخ / یہی کوئی نو جو کا ہی انداز ستمگر

حسرت دل غمدیدہ کی اب کچھ تو بر آئے / جب ہے آئے مرے پاس بعزم سفر آئے

ظاہر ہے کہ ہی خنجر زنگی ہمیں وحشت / سودا ہے کہ کسکے قامت محشر خرام کا

ہم گلشن ہستی میں ہیں مانند شرر آئے / جلوہ ہے شرر کا جو ہمارے غبار میں

ناصح تمہارے وعظ و نصیحت کو مانتا / پر کیا کروں کہ دل ہی نہیں اختیار میں

عیار تخلص منشی کنہیا لال ابن منشی مشتاق رائے باشندہ ضلع بلند شہر۔

دیکھیں کیا آفت ہمارے سر پہ آئے / آتے ہیں عشق و جنوں میں شور یا ہو

غریب تخلص لالہ تاج بہادر لکھنوی انکا ایک فارسی قطعہ تاریخ راماین فرحت مطبوعہ سمت ۱۹۴۴ میں دیکھا گیا۔

علام تخلص راجہ گوپال ناتھ خلف مرزا راجہ رام ناتھ بہادر ذرہ تخلص جو شاہ عالم بادشاہ کی مقرب تھے اونسی رعایت سے علام تخلص کرتے تھے بڑے نامی اور خاندانی شخص دہلی میں گذرے ہیں۔

جو ہمبستر کبھو ہم ہوں علام اوس بت سے / نہ لیں واللہ تا روز قیامت بھی کروٹ / خط وہ کہہ دے کہ گوش پر آواز صبا کا / مژدہ تو ہمیں یار کی آمد کا سناوے

غنا تخلص کنور رامی پیارے لال خلف راجہ بہادر سنگھہ ابن راجہ صاحب رام ابن راجہ پورن چند دہلوی کا پتہ سکینہ برادر عمزاد و ہم خاندان و ہم عمر حضرت جوہر لکھنوی کی ہیں اور شعر گوئی کا سلیقہ خوب رکھتی ہیں چنانچہ یہہ مطلع انکا ہے

لکھا جو حال گریہ چشم پر آب کا / کاغذ بنا ہی کاغذ ابر سحاب کا

غم تخلص مہتاب سنگھہ قوم کایستہ شاگرد شاہ نصیر اول بادشاہی سرکار میں بعلاقہ بخشی گری ملازم تھے بعد ترک روزگار کرکے لاہور میں گئے اور وہاں مہاراجہ رنجیت سنگھہ بہادر کی امیروں میں سے کسی میر کی رفاقت کی اور وہیں اپنی ملک عدم ہوئے

حباب اوٹھتے نہیں ہیں دریا میں نہیں صبا / یکقطرہ مے میں ہیں یہ ساقی ہیں دو گز

تھا تیری یاد میں کیا دشت و کوہ تنہا / ورنہ ہر ایک کو تو نے سبکو سبکدوش

ایک تیغ غم کی اچاپک اللہ سے کر نظر / ناخنکی ہی کی خار ہے دیتا ہیں غم

اتنا نہیں ہے خوب ستانا غریب کا / جتنی گلو کو پاتی ہیں سو رنگ بوسے

ضیا یحیی ہی نا وقیس ہے ہائے / ٹکرا کے سر کو بلبل ناشاد مر گئی

غمگین تخلص منشی بنارسی داس خلف منشی کشن لال ابن منشی خوشوقت رای متوفی قوم کہتری باشندہ دہلی شاگرد مرزا قربان علے بیگ سالک جو بادریوں کی مدرسہ اور شہری مکتب کی مدرسے اور راجستان ریلوی کے انجینئرنگ کی بیستی کرکے اب خانہ نشین ہیں منشی درگا پرشاد نادر تخلص نے بندہ کو لکھا تھا کہ ایکدن اس نوجوان خوش اندام اور عاشق مزاج نے اوائل میں ایک دو سرا یار چلتے چلتے یہہ شعر موزوں کیا ہے

ڈھونڈھتی لامکاں کو جاتی ہیں / اس مکاں سے مکین نے کوچ کیا

اس پر بہتی ترغیب دیگر شعر گوئی پر راغب کیا چنانچہ بفضل الہی سے صاحب دیوان ہوگئی ہین ان صاحب سے راقم نے بھی دہلی مین حضرت نادر کے مکان پر استادی کیا ہے اور یہہ شعر اونکے ہین۔

دل عاشق کا یہ سویدا ہے	لب جاناں پہ یہ کام کیا تل کا	جسکی لوح مزار ہو لرزاں	وہی مدفن ہی تیری بسمل کا
سمجھہ ناصح نادان کی کچھہ حقیقت سے	چلی جو دشمن ہم چھوڑ کر مکان اپنا	سمجھے قسم ہی ہو جائین خاک ہم تب تک	نہ چھوڑیگا ابد تک آسمان اپنا
تم اور آکے فاتحہ کو یہ کہان نصیب	بہولو سے کم نہین نہین بچھی پتھر مزار کا	اسی مسیحا جو دم نزع ابھی آئی قریب	مین بچون مع لستی اور رشک سے مر جائے رقیب
وہ عیش غیر کو ہی کہ جسکو نہین زوال	وہ دردیان بلا کہ نہین حرف قضا علاج	پھر جیا دائی ہو غبار کو لئے	مجھے ہم جاتا لگا آپ نے اچھا کیا علاج
کیا حال ہوگا دیدۂ خونبار کا علاج	کستے لیا ہے نرگس بیمار کا علاج	مین ہون لیعنی نرگس بیمار کا رہی	بیمار کسطرح کرے بیمار کا علاج
کسطرح چین آئے کیگا مرقد مین دیکھئے	ہوا ہے تہہ پچھلا دل بے اضطراب آج	کل اوس گلبدن کیا نہ اوٹھائی بہر تقصیر	کہتا ہی منہ کی کیون دل ناکردہ کار آج
بیتاب دل تو رہتا ہی جاتا ہی نکلی جلی	ایسی نکالی کوئی آزار کیطرح	ہماری جان گئی ہے یہ سے سخن	عدو ہو یار ہو یا آسمان ہو
ستاتا اسقدر ہی پیر گردون	قیامت ہو اگر یہ نوجوان ہو	سنی کا حال ان کا کین کیونکر	جسے ناز وادا تک ہی گران ہو
	کانٹا ہی ایک پہاڑ شب انتظار کا	فرہاد جیسے کیلئے یہ میرا ہی کام ہے	

فارغ تخلص مکند سنگھہ سکنہ دہلی شاگرد حاتم آخر عمر مین مسلمان ہوگئی بریلی مین رہتے تھے صاحب دیوان گذرے ہین

دوستی کچھہ بھی چین بچین مین تو بلی	تا کچھہ کہہ نسکون بلبلی کہا تیرے	جلا ہی جیتے ہین دل شمع ار ساری رات	بہا ہی آنکھون نی اشکو لگا تار ساری رات

فارغ پنڈت منی لال چند سال پہلے ریاست پٹیالہ واقع پنجاب مین طالب علم جماعت اول تھے پٹیالہ کے مدارس مین

ہوا گوانہ لوک آدمی تو سا جہان او	جو دلبر ہا تھہ ہی تو آستین سے ہم پر اپنے	نہین پہ مہربان ہم پہ ترا مہربان اپنا	ہنی ہی کہ راز دل ہو سب عیان اپنا
غزیزو ہم بہلا دنیا سے کیا لیجا سکا آخر	عدم مین ہی خدا کا تو ہو جو چہا فارغ	غنیمت ہے اگر دو جاے کچھہ نام و نشان اپنا	یہان آتی ہے ہی مقصود دید ار تبان اپنا

فایز تخلص منشی بختاور سنگھہ خلف مہر داس متوطن دہلی سر رشتہ دار فوجداری فرخ آباد۔

کیون نہ ای فایز تو چمک کا ستارا اوج	بنگئی سکتہ ہم صورت تمہاری دیکھکر	وصل کا اوس مہ لقا نے رات کو وعدہ کیا	حضرت نظارہ نی تصویر کا نقشہ کیا
ہزار قامت رعنا کی پا کشکل آئے	دیکھہ لو ناحق ستا نیکا نتیجہ ہی برا ہے	مگر یہ حال کہان سفر جو بیمار بین ہے	نیچی آنکھین ہنسی کر لین تمہی حجاب کیا

فدا تخلص لچھمی رام سکنہ دہلی شاگرد سودا۔

سترتہ جسکا کہ اپنا نشان باقی ہے	نہون فریفتہ کیونکر کہ آن باقی ہے	کہا جو مینی کہ بین دل تو کر چکا ہون فدا	تو ہنسکی بولی ابھی تجھہ مین جان باقی ہے

فدا تخلص پنڈت دیاندان نام کشمیری سکنہ اکبرآباد ۱۲۹۲ ہجری مین مہاراجہ بلونت سنگھہ بنارسی کی مشاعرہ مین جایا کرتے تھے اور شعر خوب کہتے تھے از انجملہ ایک یہہ شعر ہے جو منشی درگا پرشاد صاحب نادر سے ملا۔

دے ہمین اپنی بنیات یا عینک ابہی غبار	جوب کیونکر نکلی معرفت ہم ہی ہین

فدا مکند لال لاہوری قوم نقال مقیم دہلی ملازم نواب ضابطہ خان شاگرد صابر علی صابر مسلمان ہوگیا تہا اور

بعض تذکرہ والے لکہتے ہیں کہ وہ قوم سے مغل تہا اور فدای بیگ نام سوائی اوسکی ہجو کیک لکہی ہے اور اوسنے مراد آباد میں وفات پائی اشعار اوس کے اچہے ہین ۔

گر تیغ نگہہ سے تو کرے وار فلک پر	چلجاتی فرشتوں میں ہے بلوا فلک پر	بعد مرنے کی ہپٹکا ہو تیغ فنا کی نوز	ساتہ پہرتی ہی گردش افلاک ہنوز
آوارہ پہر گشتہ نہ دیوار نہ در کے	سایہ کی طرح ہم نہ ادہر کے نہ ادہر کے	آنسو نہیں ہیں قدر زمیں پہ ہوے	موتی ہیں آبدار صدف میں گہر ہوے
ابرو کی تیغ سے تری سو ٹکڑے ہوے	تہرا ہی رہا منہ یہ سپر کو دیر ہوے	چشم پر آب ہے اور سینہ جگر جلتا ہے	کیا قیامت ہے کہ برسات میں گہر جلتا ہے
	یہ سرو نہیں باغ میں ہے آہ کسو کی	نرگس نہیں ہے تکتا ہے چمن آہ کسو کی	

فدوی لالہ سیوک رام وکیل عدالت دیوانی شہر عظیم آباد پٹنہ ۔

جبکو چین ہو وہی آرام پائے دل	پہر کس امید پر کوئی لگائے دل	اور پکڑ رہائی دو دیتا ہی آج آفتاب	ایکدن تو گشت میں ہو عزیزان سیر

فراقی تخلص پریم لشور بیرہ راجہ جگل کشور باشندہ دہلی کہ احوال اونکا سنتے ہیں اور وہ ترک تعلق کرکے آخر عالم میں

	ہوئیں آنکہیں گلابی روتے روتے	گلابی کی نکہی شکل افسوس	

فرح تخلص چہیلے بہاری داس خلف چہیلے بیج لال شاگرد اندرمن فقیر

	گوشہ گیری نے زمانہ میں مرا نام کیا	باعث شہرت عالم ہو عنقا کو	

فرحت تخلص نین پرشاد قوم کایتہ سکنہ دہلی خلف گوبند پرشاد نبیرہ راجہ کنول نین تہا در شاگرد قطب الدین مشیر بعض شاگرد مومن بتاتے ہیں ۔

تازہ تازہ لطف ہی صحرا نوردی میں	پہر پر شاد ہو کیا تلووں میں چہبا خار کا	یارو جبتک جب اب خط آئے	اور دو چار خط لکہو بیٹہے

فرحت تخلص لالہ نیتا نند وکیل عدالت منصفی الہ آباد ۔

	پہولا ہی لالہ گلشن سینہ میں داغ	افسوس اس بہار میں وہ جیسے ہیں	

فرحت تخلص پنڈت کنہیا لال تہہ عرف کاشی پرشاد ولد بیتی رام دہہی باشندہ لکہنو شاگرد امانت ۔

کیون قاصد اسنے دیا ہے پہر مجہے	ادس گل کو خط میں نہ لکہا ہم کو نا بتاتا	کب دیکہئیں آینگے اوس شوخ کے قدم	ہم سے بہی پوچہتے ہیں بعد کہاں تہم
	اوس کو وصال میں نشان یار کا	پہونچا دلا کہانی کہان عزیز باکی ہی	

فرحت تخلص پنڈت اندر پرشاد شاگرد رشید مولوی مقرب علیخان زار انکا کلام بہت فصیح اور بلیغ ہے ۔

آزاد تیری سینہ میں کینہ نہیں رکہتے	جس سینہ میں کینہ ہو وہ سینہ نہیں رکہتے	ہو جاتے ہیں دریا محبت وہی پار	تنکے کا بہی جو لوگ سہارا نہیں رکہتے
نکہت سے ہوا لگتی ہے لطافت کے مگر حیف	اک بات کو وفا کے گل سنتا نہیں رکہتے	لو بیٹہا عشق کا لیا گیا کو معالج	اس درد کی ہم سا کوئی مسیحا نہیں رکہتے
	گو نرگس گل نام کو ہم ہیں نیند سے	گوش شنوا دیدہ بینا نہیں رکہتے	

فرحت تخلص لالہ کنور چند سکنہ متہرا شاگرد منشی ہرگوبند خورم تخلص۔

جو اوسکی ہاتہہ سی ترچہا چہپتا ہو	لگا ہو تا لگا ہو تا لگا ہو تا لگا ہوتا

فرحت تخلص منشی شنکر دیال قوم کایتہ سکینہ سکنہ لکہنو یہہ بہی ہندوؤن مین بڑی شاعر شیرین زبان ہین اور کئی عمدہ عمدہ کتابین تصنیف کر چکے ہین اونکی نظم مین ایک لطف خاص ہے اوسمین فصاحت اور بلاغت دونو موجود ہین اور صنایع بدایع تردید آن لفظونکی چستی اور قافیون کی درستی جو اونکی اشعار مین دیکہی جاتی ہے اوسکی تعریف کہنے مین نہین آتی گویا سخن کا ایک دریا جوش مار رہا ہے اوس سے جو موج اوٹہتی ہے وہ معانی کے شاہوار موتیون کا مینہہ برسا جاتی ہے اور پہر لطف یہہ ہے کہ کلام مختصر اور مطالب پر ہے مضمون عالی اور خیال نازک بندش چست ردیف و قافیہ سے درست و فضول و زوایدسے خالی ہے ان سب خوبیون پر فایق جو ایک خوبی اونکی تصنیفات مین ہے وہ یہہ ہی کہ بہت بڑا حصہ اونکی کلام کا مذہبی حقایق پر مبنی ہی اور اونسی اہل عالم کو طرح طرح کے فیض و فایدے پہونچتے ہین اور اسی سبب سے مندرجہ ذیل کتابین اونکی مقبول طبایع خاص و عام ہو گئی ہین ۔ ۱۔ راماین منظوم ۔ ۲۔ پریم ساگر منظوم ۔ ۳۔ جانکی بجے منظوم ۔ ۴۔ شیو پران منظوم ۔ ۵۔ ادبہت راماین ۶۔ گنیش پران گوری منگل ۔ ۸۔ سکنہ چالیسی ۔ ۹۔ پدم پران ۔ ۱۰۔ شیو سہسر نام ۔ اس پوتہی مین یہہ لطف ہی کہ ہزار نام منظوم ہین اور صرف ناموں سے ہی شعر موزون ہین بر لے بیت یا زاید موزونی شعر کی غرض سے ایک لفظ بہی نہین اگر موزون کرکے پڑہو تو نظم ہے ورنہ معلوم ہوتا ہے کہ نثر ہے جیسا کہ اٰیندہ نمونہ سے معلوم ہوگا غرض یہ حضرت بڑی صاحب تصنیف اور اپنے وقت کے اوستاد ہین انکے باپ دادے قصبہ بہونگام ضلع مین پوری کی قانون گو تہے انکے دادا منشی جہان سنگہہ نے فرخ آباد مین بود و باش اختیار کی اور اونکی باپ منشی پورن چند مدت العمر لکہنو کے نوابون اور رئیسون کی سرکار مین عہدہ ہاے جلیلہ پر سرفراز رہے ۔ اونہون نے لکہنو مین ہوش سنبہالا اور اسوقت تک ۴۲ سال کی عمر ہے لکہنو مین مقیم ہین اور مطبع امریکن مشن لکہنو مین بعہدہ منصری مطبع ستنگی عرصہ دراز سے نوکر ہین اردو فارسی انگریزی و ہندی وغیرہ سے واقفیت ہے شعر و سخن مین دو تین اوستادون سے تلمذ رہا ہندی کلام انکا مثل تجہ تہمری ہولی دہرپد وغیرہ مشہور رہے چنانچہ کتاب نغمہ دلکش حصہ اول و دوم مین جو کہ کلام شعرا کا مجموعہ ہے بہت کچہہ چہپا ہے اکثر اونکی چیزونمین یہہ منتخب ہے کہ ایک سترہ فارسی اور ایک اردو اور ایک انگریزی ایک بہا تسا ہے اور با وجود مختلف زبانونکی گانی مین پوری اور صحیح اترتی ہین اونکی ہر ایک کتاب کا ایک ایک مطلع ذیل مین لکہا جاتا ہے جو مثل صنعت براعت الاستہلال کی نہایت کتابیہ

مطلع رامایین —	زبان پر ہر نفس ہے رام کا نام	منورا مو منورا مو منورا م	مطلع ادبہت رامایین —
ستار بہگوتی بانع سخن ہے	ریاض شاعری بنتن آرپن ہے	شیو پران —	ہر ایک مہین م آدم مہادیو
کہین سیم وست بستہ مہادیو	مطلع پریم ساگر —	ہری ہر روش سی شاخ قلم	نئی گل کہلائی پہلی و میدم
مطلع جانکی بجے —	طریق حمد مین ہو ہل ایک سیر	کرسیتا رام سی ہے جان کی خیر	مطلع گنیش پران —

بتائے تمہ زبان سے نکلے
مطلع گوری سنگل
رام چندر رام رام سے ہو
اے دل یاد بہگوتی میں رہ
مطلع سکست چالیسی
مدد کی یہ سحل سیت بتا کہنے لگی جی جی
دلو میں بہگت شیو میں سکت گویا دونو میں پائے
نیستر کے دلیں جہر والفت و عادات او خو ہو کر
عیاں مردم صفت یہاں مثال مردم ہو

ہر ہر لب الست و جا لسنو سے نکلے
رو رو رہے تمہ سمائی دل میں
سکل آرام رام رام سے ہو
مطلع لشنو ستہستر نام -
نشکارو سکو ہوس سے ہی اپنے جلوہ بہر
تمس تسی تمس تسی تمس تسی تمس تسی
سمائے الغرض ہر رنگ میں سکل میں سمائے
صدف میں آب آب میں موتی میں آب دیدہ
کہیں طالب کہیں محفی کہیں پیدا کہیں ہو

ہر ہر مجہے یاد حصر بحر ہو
ہوا ذنگ منشوای دل میں
مطلع پدم پران -
اونک نیر الش آنتا دیو
بی قتل ستمگاران جو در پی ہے درے
تو تنی ویدینیں یا او نا و میں انا تی
تمس تسی تمس تسی تمس تسی تمس تسی
نظر میں نیکی بنائے زبانیں تفلکو ہو کر
غبار معصیت گردخطا ہے نیکو فارم

شیو شیو کا نقش فی الحجر ہو
مطلع رکمنی منگل -
اونگ یہ نین بنتائے تمہ کہہ
سر با نگ مہا تما مہا دیو
مسیحا جب غل کا حق کا یگانہ رحم سے
تنو منہ و تین طاقت سے توانا میں نیچ اندا
بسے تازگی ہو کر چمن میں گلوں میں ہو کر
تمس تسی تمس تسی تمس تسی تمس تسی
تہیں تم ہو تہیں تم ہو تہیں تم ہو تہیں تم

تمس تسی تمس تسی تمس تسی تمس تسی

یہہ چند شعر راماین کے داستان شکست کمان سے ہیں -

قریب قوس پہونچی جب سیرام
ہوا آثار محشر مچگیا شور
بدن میں دیوتا بھولی جزو کل
ہمراہ جلیسان حسب آئین
سینے سے یہ زیور پر جلا کی
ہوتی شاد وان دل ناشاد ہو

قدم سی دامن عیر الیا تہام
جیسے گو تو میں مرغ و ماہی ہو
تو کی اوج فلک سے بارش گل
جناب جانکی محفل میں آئین
ہوی یو موتیو میں موتیا کی
مچا شور مبارک باد ہر سو

دہنک کو توڑ کر پہینکا زمین پر
پرندو نکی اوڑی ہا تہو نکی توتے
پہڑک جنک سیتا ہوئین شاد
لباس نوعروسی زینت بر
جناب رام کے پاس آئی الحال
سیہ داروں کی جب چہایہ عالم

اندہیرا چہا گیا عرش بریں پر
یکا یک چونک اٹہی دریا کی سوتے
خوشی سی خانہ خاطر تہا آباد
لیا عطر و گلاب مشک عنبر
تہادی پہولکی پہولو نکی جیمال
خزان آسا چمن سے گر گئی رم

غزلیات فرحت

سنا ہو آپ ذکر عاشق نا شاد کرتی ہیں
اداآتی ہیں جاں صبا او نکی تیشہ ہیں
ہمیں معشوق عاشق سے اپنی فعل سے عاشق
کہ کر تو جگر ریزہ کر رہا ہے یار فرحت
رخسار کے بوسہ سے ہو دون کیا قیمت
تلخ ہو ترش شیرین سے کہ یہ کیا کی تر
زلف و لب ہیں یا پہ سینہ میں کہ ہو کے سونگ

حزاں کے عہد میں بہولی سے کو یاد کرتی ہیں
نہیں معلوم کیا جادو یہ آدم زاد کرتی ہیں
جو چمن یا تجکو ہم وحشت کو آباد کرتی ہیں
وہ مرغان چمن کو قید سے آزاد کرتی ہیں
جاشنی دیکہلوں کس کو دیکہلو تا لونگا کہوں
میوہ بوسہ عنبعب کا مزا لونگا کہوں
سونگہہ لو فرق القہ لوں جکہیں آلونگا کہوں

عروس گل کی مہندی آج ہو کیا سحر گلشن
روا ہی تو سیت کہیں بچی باد امو نرگس کے
جو لکہا ہوت ہمیں صفت چشم جاناں کا لکہ رہے
قصہ بحر بتان ہو شمیں آلو نگا کہوں
سلسبیل و ہر پاک کی پوچہو نہ خبر
زر دل تو قلب کہ خالص ہے الہی معلوم
راز دل کی کسکو ہو خبر کانوں کان

کہ مرغان چمن شور مبارکباد کرتی ہیں
یہ بہشتی کا دعوی کو یاد زاد کرتی ہیں
نو آہو آکی عین آنکہو نسی و جلا دیکہ ہیں
تہا کم ضبط کروں و لکو سیتہا لونگا کہوں
ہا تہہ سنہ سو میں صنو کروں تہا لونگا کہوں
دیکہہ لوں جانے لوں عین آنچ دکہا لونگا کہوں
فرحت اغیار کو جب ہم سٹہا لونگا کہوں

کون پہچانے مرا حال پریشان سمجھے	ہاں جو سمجھی تو تری کاکل پرخم سمجھے	حل کسی سے نہ ہو عقدۂ پیچیدۂ زلف	اس سمجھے کو جو سمجھے تو فقط ہم سمجھے
دخل کب ہے ناموس میں اغیار کا ہو	راز محرم کا ہمارا دل محرم سمجھے	تیرا زخمی کبھی منت کش جراح نہو	سبزۂ خط کو جو زنگار کا مرہم سمجھے
ہو گئی اک دانہ گندم سے خرابی کیا کیا	ہای پہلی سے نہ یہ حضرت آدم سمجھے	سنگ اسود کا ہو تل یہ گمان اے فرحت	رخ کو کعبہ وہیں یار کو زمزم سمجھے

فرحت تخلص پنڈت دیبی پرشاد ولد ٹھاکر پرشاد قوم کشمیری باشندہ لکھنؤ شاگرد امانت۔

گرید عا تو شوخی سے مچل کو اٹھا گیا ہاتھ	عزت سے میری آبت کا وہ چندا ہاتھ	ملتا ہو وہ کی خون کف افسوس اتنا	دکھلا دیا حنائی نے رنگین ادا کی ہاتھ
	مہندی سے جہلو لقرہ کی سوئی ہوگئی	ایسے میں عجب ہن زری کیمیا کا ہاتھ	

فروغ تخلص نند کشور لال کایتہ سری باستب ساکن قدیم ریاست بلرام پور خاص مدرس انگریزی واردو مدرسہ بلرام پور شاگرد سید آغا حسن عرف میرن تخلص نامی مصنف کتاب گلشن فیض جس میں سوانح عمری راجہ بہوج کی از روی کتاب بہوج پربند سارسے لکھے ہیں اور اوس میں سے یہ چند شعر بطور نمونہ بضرورت تذکرہ کے لکھے گئے یہ کتاب سنہ ۱۳۰۹ ہجری میں نئی اوچھپی ہے

اگر چلتے توے پر قطرہ آب	ٹپے فی الفور وہ ہو جائے نایاب	گرا میں گر وہی قطرہ کنول پر	نمایاں آب ہو وہ مثل گوہر
اگر بطن صدف میں جاوے وہ آب	بنے لی شبہ وہ لولوی خوش آب	وہی پانی ہی از روی حقیقت	جلد ہی ہر جگہہ تاثیر صحبت

فریاد تخلص صاحب رای اچہانی ولد سندر رای قوم کایتہ لکھنوی شاگرد میر محمدی سوز۔

تم جب سے ہوا ہی یار دل کا	کوئی نہیں غمگسار دل کا	چین پایا وہ پس مردن دل بیتاب نے	گوشہ مرقد میں آغوش مادر ہو گیا

فصیح تخلص پنڈت سکھن لال خلف بیچے لال فرخ آبادی شاگرد امداد حسین صفیر تخلص۔

	سمجھو نہ یار عاشق زلف دوتا مجھے	دنیا میں بلا سے بچائی خدا مجھے	

فصیح تخلص بچو لال سکنہ بلرام پور علاقہ اودہ انکی ایک تقریظ رسالہ گلشن فیض مصنفہ نند کشور لال فروغ میں دیکھی گئی اوسکے سوا اور کچھہ کلام اونکا مسموع نہوا۔

فضا تخلص منشی گوبند پرشاد لکھنوی گلزار فضا و عروس فضا و بوستان اردو منظوم و شیرین خسرو اردو انکی تصنیف سے ہیں جو بہی نامی شعرای لکھنؤ سے ہیں اور انکی کلام سے سخن کی استادی عیان ہے اور مضامین اکثر نئی اور رنگین باندھتے ہیں

ضعف نے زور کسی پر کہاں چلنے نہ دیا	جوش وحشت کا کچھہ ارمان نکلنے نہ دیا	اوٹھہ چلی وہ خفا ہو کی مگر خیر ہوئی	تازگی پی اونہیں فرق کا مرے چلنے نہ دیا
وعدۂ وصل وہ کل کر ہی چکا تہا لیکن	دہن تنگ نے کچھہ منہ سے نکلنے نہ دیا	پڑ نو نکو ہی یہ الفت سے کو سمجھہ وحشی	پانو پڑ کر بہی نہ ان سے نکلنے نہ دیا
سنکی اشعار فضا بزم میں کل اے احباب	اسقدر لطف کسی ہی غزل نے نہ دیا	شمشاد کیوں نہ جھوم اوٹھے گلشن میں	گرتا ہے شاخ گل میں لچک شاخ سمن کی یاد
اسی شمع حسن عشق میں جلکر سحر سے	ادہر ہی نہیں ہیں اس پری کا ہنسنا یاد ہی	زنار زلف یار کا پانیں کہیں پتا	اسلام منتشر پڑتی ہیں برہمن کی یاد
بیتاب ہی بت خانہ اکبار وہ ہوا	بنو ہم بھی بہت بیان سکی یاد	وہ چشم مست یار اگر دیکھہ لی کبھی	نقش قدم میں اونہیں ہیں نہر کی یاد
گر یہ نعیتا نکو آئیگا نہ مستی کی تہہ	چھو لیگا ایک روز وہ دیوانہ تنکی یاد	تجکو پریان اڑا کہیں نہ چاہیں	دوش پر تیری نظر آئی برہمن کی یاد

میری دنیا و تری کا نالہ ممکن کر کہو — ہیں یہ بان گوش شعر گیسو
کلھہ فیضا ایک غزل او دیتا ہے سکے — دوسرا جیسے ہی گیسو کے برابر گیسو

سب لوٹا گئی سینہ بسیر مسلک تک — اچھے ابھی جا یا تھی شب کے گیسو
جہوتی ہین جو بیا نند مسیتو نکی — چشم میسگونکی پیا کرتے ہین سیاہ گیسو

ظالم جیلہ شیطان سے کر خوف خدا — شل معجان ہنوز ہیں نہ ترد گیسو

شیرین خسرو کے حمد سے یہہ کتاب ۱۲۶۳ھ ہجری مین تصنیف ہوئی ہے

بنا کر ایک کتاب اعجاز نیش — محشا کی لعلم وعقل و ہنش
لکہا دیباچہ لوح جبین کو — ہہین ہی فہم جسکا نکتہ بین کو

فقیر منشی کولا پرشاد خوش نویس۔

خواہش تہی دختر رز کی فقیر — جیسے کہ درساقی کو تر دیکہا

فقیر تخلص منشی اندرمن۔

فگار تخلص پنڈت دیا شنکر جو ۱۲۶۹ھ مین اسسٹنٹ کمشنر بلرام پور اودہ کے ہے کلام اونکا بہت دلپذیر اور دلچسپ ہے

دنرات گفتگو ہے شراب کباب کی — کیونکر نہ دماغ عرش پہ ہو
کیا موہنہ لگو نے یار کی صحبت خراب کی — خورشید ہی اونکا مشتری ہے
آتا جو نہین ہے دل سے منظور — جیب دیکہا ہے وہ مصحف رخ چوم لیا ہے
صندل ہی گہا خا پسی ہے — یارس ہے ہلت کا یہ معنی ہین اب کے

لیتا دل بہرا ہی عشق یار سے — دیتی ہین نقد جان ہزارون
باقی جگہہ نہین ہے غداب قوانکی — وہ دیتی ہی غضب کا تو کشتی ہے
ساقی ہی کے عاشق ہین پچھتاتے — عالم ہے تمہارے رخ پر نور سے روشن
ہم لوٹتی پہرتی ہین سر قدرت رب کے — تم روز کی خورشید ہو تم ماہ ہو شب کے

لغزش نگہہ کو ہی پیمائی بد نگی ہے — جا سخن نہین ہے یہ تنگی دہن کی ہے

فہیم تخلص پنڈت سندر لال ولد پنڈت بدری ناتہہ ساکنہ لکھنؤ مقیم کانپور شاگرد اسمعیل حسین منیر۔

عارض پہ اوسکی کیونکر بل یار بار زلف — ہی باغ حسن کے لئے ابر بہار زلف
مہجور تو رہی یہہ سنبل کی تعقیب کیا — شانہ سی دیس نکلا بہی تہا تار زلف
نرگس کہے ہیوا بالوں مین کہی گوگل — تیجانی صاف شاخ گل انتظار زلف
شبدیز ہے گہیل کہیلتی کہولی رخ نمی زلف — صبح جبین ہوگئی شام بہار زلف

خوشبو ہی زلف حور کی برح نسیم مین — سنبل کا بوجہ تہہ نہین سکتا ہے ہوا سے
ڈوبی ہوئی ہی عطر لطافت مین اسقدر — شانہ ہے بال ایک سینہ ہوے اہ فہیم
صحن چمن مین کس کی ہوئی مشکبار زلف — رخسار پہ ہی فرط نزاکت سے بار زلف
بلکل نہی ہی موج نسیم بہار زلف — قسمت سے کیر لیے ہین جو مستعار زلف

بالو نمین خط جو کو د ہن اگیا نظر — دکہلا چلی سواد عدم پار بلد زلف

